$$I = 2\times10^3\,\text{A} \qquad \text{Ans}$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

باب: 16	بنیادی الیکٹرونکس	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 ناٹ گیٹ میں ان پٹ ٹرمینلز کی تعداد ہوتی ہے: [MTN-I,SGD-II,BWP-I]

(A) 3 (B) 1 (C) 4 (D) 2

.2 اینڈ آپریشن کی بولین علامت: [LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

(A) $X = A - B$ (B) $X = A + B$ (C) $X = \bar{A}$ (D) $X = A.B$

.3 دو ان پٹ والے نار گیٹ کی آؤٹ پٹ 1 ہوتی ہے جب: [DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) $A = 1$ اور $B = 0$ (B) $A = 0$ اور $B = 1$ (C) $A = 0$ اور $B = 0$ (D) $A = 1$ اور $B = 1$

.4 اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ '0' ہوگی اگر: [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

(A) اس کے دونوں ان پٹ 'صفر' ہونگے (B) اس کے دونوں ان پٹ '1' ہونگے

(C) ان میں سے کوئی ایک ان پٹ 'صفر' ہوگی (D) ان میں سے کوئی ایک ان پٹ '1' ہوگی

.5 دو ان پٹ والے نار گیٹ کی آؤٹ پٹ '1' ہوتی ہے جب: [RWP-II,DGK-II,MTN-II,FSD-I,GUJ-II,SWL-II]

(A) $A = 1, B = 0$ (B) $A = 0, B = 1$ (C) $A = 0, B = 0$ (D) $A = 1, B = 1$

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

16.1	تھرمیونک ایمیشن

.6 ایسے پارٹیکلز جو گرم کیتھوڈ کی سطح سے خارج ہوں کہلاتے ہیں۔ [GUJ,RWP,FSD-II]

(A) پوزیٹو آئنز (B) نیگیٹو آئنز (C) پروٹونز (D) الیکٹرونز

.7 ایسا طریقہ کار جس میں گرم میٹل کی سطح سے الیکٹرونز خارج ہوں کہلاتے ہیں۔ [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

(A) بوائلنگ (B) ایویپوریشن (C) کنڈکشن (D) تھرمیونک ایمیشن

.8 تھرمیونک ایمیشن کے ذریعے الیکٹرونز کی بیم پیدا کرانے کے لیے ٹنگسٹن فلامنٹ کا پوٹینشل ہوتا ہے۔

(A) 6 v (B) 7 v (C) 8 v (D) 9 v

16.2,16.3	الیکٹرونز کی خصوصیات کا مطالعہ، کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ

.9 CRO میں گرڈ کا پوٹینشل ہے۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

(A) مثبت (B) زیرو (C) نیوٹرل (D) نیگیٹو

.10 کیتھوڈ رے ٹیوب کی سکرین ایک میٹریل کی بنی ہوئی ہے۔ جسے کہتے ہیں۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

(A) زنک (B) آئرن (C) فاسفورس (D) شیشہ

.11 ڈفلیکٹنگ پلیٹ کمپوننٹ ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,FSD-II]

(A) ریڈیو (B) سی-آر-او (C) فلوریسنٹ ٹیوب (D) کمپیوٹر

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

16.4-16.6	اینالاگ اور ڈیجیٹل الیکٹرونکس، ڈیجیٹل الیکٹرونکس کے بنیادی آپریشنز، لاجک گیٹس، اینڈ آپریشن، آر آپریشن، ناٹ آپریشن

.12 اگر X = A.B تو X کی قیمت ایک ہوگی جب: [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

(A) A=0 and B=0 (B) A=1 and B=1 (C) A=0 and B=1 (D) A=1 and B=0

.13 اگر X = A+B تو X = 0 جبکہ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

(A) A = 1,B = 0 (B) A = 0,B = 1 (C) A = 0,B = 0 (D) A = 1,B = 1

.14 اینڈ (AND) آپریشن کے لیے حسابی علامت ہے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

(A) X = A+B (B) X = A+B (C) X = A.B (D) X = A.B

.15 X = A.B تو X لیول 1 پر ہوگی اگر: [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

(A) A = 0 , B = 0 (B) A = 1 , B = 1 (C) A = 1 , B = 0 (D) A = 0 , B = 1

.16 (AND) اینڈ آپریشن کی مساوات ہے: [LHR-II,BWP-II,SWL-II]

(A) X = A + B (B) X = A.B (C) $X = \overline{A}$ (D) $X = \overline{A.B}$

.17 ناٹ گیٹ کو ____ بھی کہتے ہیں۔ [FSD-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-I]

(A) کنڈکٹر (B) ایمپلی فائر (C) ٹرانسسٹر (D) انورٹر

.18 اس گیٹ سے کون سا لاجک آپریشن حاصل ہوتا ہے: [LHR-I,GUJ-I/II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]



(A) اینڈ (B) نار (C) نینڈ (D) آر

.19 جارج بولے نے ایجاد کیا: [LHR-II,GUJ-II,FSD-I,RWP-I,DGK-II,SGD-II]

(A) ارتھمیٹک الجبراء (B) جیومیٹری (C) بولین الجبراء (D) مین الجبراء

16.7,16.8	آر آپریشن، ناٹ آپریشن

.20 اگر X = A + B تو X = 0 جبکہ: [MTN-II,FSD-I,SGD-I]

(A) A = 0, B = 0 (B) A = 1, B = 1 (C) A = 0, B = 1 (D) A = 1, B = 0

.21 آر گیٹ کی آؤٹ پٹ 0 ہوگی جب: [SGD-I/II,MTN-II,BWP-I]

(A) A = 0, B = 0 (B) A = 1, B = 1 (C) A = 0, B = 1 (D) A = 1, B = 0

.22 ناٹ آپریشن کی مساوات ہے۔ [MTN-II,BWP-II]

(A) X = A - B (B) X = A + B (C) X = A - B (D) X = A

.23 NOT گیٹ میں ان پٹ ٹرمینلز کی تعداد ہوتی ہے۔ [DGK-I,GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

.24 ناٹ گیٹ کو بھی کہتے ہیں۔ [MTN-II,DGK-I,SWL-II,BWP-II]

(A) انورٹر (B) ٹرانسسٹر (C) ایمپلی فائر (D) کنڈکٹر

16.9-16.11	نینڈ گیٹ، نار گیٹ، لاجک گیٹس کا استعمال

.25 کونسے دو گیٹس استعمال کریں تو اینڈ گیٹ جیسی آؤٹ پٹ حاصل ہو سکتی ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]

(A) ناٹ گیٹس (B) آر گیٹس (C) نار گیٹس (D) نینڈ گیٹس

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

26. درج ذیل شکل میں اس گیٹ سے ______ لاجک آپریشن عمل میں آتا ہے۔
[LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

(A) AND (B) NOR (C) NAND (D) OR

27. NOT گیٹ میں ان پٹ ٹرمینلز کی تعداد ____ ہوتی ہے۔
[GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

28. کون سے دو گیٹس استعمال کریں تو AND گیٹ جیسی آؤٹ پٹ حاصل ہو سکتی ہے؟
[LHR-II,FSD-I,GUJ-I/II,DGK-II,MTN-I/II,SWL-II]

(A) NOT گیٹس (B) OR گیٹس (C) NOR گیٹس (D) NAND گیٹس

29. کون سا گیٹ ایک لاجک لیول کو مخالف لاجک لیول میں تبدیل کرتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-I/II,DGK-II,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

(A) ناٹ گیٹ (B) اینڈ گیٹ (C) آر گیٹ (D) اینڈ اور آر گیٹ دونوں

30. برگلر الارم میں کون سا گیٹ استعمال ہوتا ہے؟
[FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) OR گیٹ (B) AND گیٹ (C) NOT گیٹ (D) NAND گیٹ

جوابات

C	10	D	9	A	8	D	7	D	6	C	5	C	4	C	3	D	2	B	1
A	20	C	19	C	18	D	17	B	16	B	15	C	14	C	13	B	12	B	11
D	30	A	29	C	28	A	27	C	26	D	25	A	24	A	23	D	22	A	21

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

1. ٹروتھ ٹیبل سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: ان پٹ اور آؤٹ پٹ حالتوں کو جب بائنری شکل میں لکھتے ہیں تو اس کو ٹروتھ ٹیبل کہتے ہیں۔

2. 'NOT' آپریشن کی تعریف کیجیے۔ [DGK-I,BWP-II]

جواب: ''ناٹ آپریشن کو ایک سوئچ سے ظاہر کیا جاتا ہے جو کہ لیمپ کے پیرالل جوڑا جاتا ہے۔''

ناٹ آپریشن بولین ویری ایبل کی حالت کو تبدیل کر دیتا ہے۔

ناٹ آپریشن بولین ویری ایبل کی حالت کو تبدیل کر دیتا ہے۔ مثال کے طور پر یہ بولین ویری ایبل کی قیمت '1' کو '0' اور '0' کو '1' بنا دیتا ہے۔ لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ ناٹ آپریشن بولین ویری ایبل کی حالت کو الٹ کر دیتا ہے۔

3. نینڈ گیٹ کی شکل بنائیے اور اس کا ٹروتھ ٹیبل لکھیے۔ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: جب اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ کو ناٹ گیٹ کے ساتھ کپل کر دیں تو نینڈ گیٹ حاصل ہوتا ہے۔''

نینڈ گیٹ کی علامت:-



نینڈ گیٹ کا ٹروتھ ٹیبل (Truth Table of NAND gate)

A	B	$X = \overline{A.B}$
0	0	1
0	1	1
1	0	1
1	1	0

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP:03406042418

4. اینڈ گیٹ کیا ہے؟ اس کی علامت اور ٹروتھ ٹیبل لکھیں۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب: ایسا سرکٹ جو اینڈ آپریشن کی تعمیل کے لیے استعمال ہوتا ہے اس کو اینڈ گیٹ کہتے ہیں۔

علامت:



اینڈ گیٹ

5. آر گیٹ کیا ہے؟ اس کا ٹروتھ ٹیبل لکھیں۔ [MTN-I,SGD-I,SWL-II,BWP-I/II]

جواب: آر گیٹ: ایسا الیکٹرونک سرکٹ جو آر آپریشن کی تعمیل کے لیے استعمال ہوتا ہے آر گیٹ کہلاتا ہے۔

ٹروتھ ٹیبل:

A	B	X = A+B
0	0	0
0	1	1
1	0	1
1	1	1

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

16.1 تھرمیونک ایمیشن

6. تھرمیونک ایمیشن کی تعریف کیجیے۔ ایک عامل لکھیے جس سے یہ عمل تیز ہو جاتا ہے؟ [BWP-I/II,DGK-I,SWL-II]

جواب: تھرمیونک ایمیشن: کسی گرم میٹل کی سطح سے الیکٹرونز کے خارج ہونے کے عمل کو تھرمیونک ایمیشن کہتے ہیں۔

تھرمیونک ایمیشن کا انحصار مندرجہ ذیل عناصر پر ہے۔

(i) ٹمپریچر (ii) وولٹ (iii) دھات کی حالت

7. دو ایسے دلائل دیں جس سے پتہ چلے کہ کیتھوڈ ریز پر نیگیٹیو چارج ہوتا ہے۔ [LHR-II,DGK-I,BWP-I/II,SWL-I]

جواب: (i) کیتھوڈ ریز، الیکٹرک فیلڈ میں پوزیٹیو پلیٹ کی طرف مڑ جاتی ہیں۔

(ii) کیتھوڈ ریز، کیتھوڈ رے ٹیوب میں کیتھوڈ ٹرمینل کے مخالف سمت میں سفر کرتی ہیں۔

16.2,16.3 الیکٹرونز کی خصوصیات کا مطالعہ، کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ

8. میگنیٹک فیلڈ کے ذریعے الیکٹرون کی ڈفلیکشن کی مختصراً وضاحت کیجیے۔ [GUJ-I,RWP-II,FSD-I,MTN-II]

جواب: جب الیکٹرونز کی بیم الیکٹرون گن سے نکلتی ہے تو یہ دو اُفقی پیرالل پلیٹس کے درمیان سے گزرتی ہے۔ ان پلیٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس ہوتا ہے جو بیم کو عمودی پلین میں ڈفلیکٹ کر دیتا ہے۔ پیرالل پلیٹس کا یہ جوڑ سکرین پر الیکٹرونز کے نشان Y-ایکسز یا عمودی سمت میں ڈفلیکٹ کرتا ہے۔ جب کہ عمودی پلیٹس کا جوڑ سکرین پر اس نشان کو X-ایکسز یا افقی سمت میں ڈفلیکٹ کرتا ہے۔

9. C.R.O کس کا مخفف ہے؟ [LHR-II,DGK-II,MTN-I]

جواب: C.R.O کا مخفف ہے کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ۔

10. الیکٹرون گن کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ میں کس مقصد کے لیے ہوتی ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: الیکٹرون گن کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ میں الیکٹرونز کے حصول کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

16.4-16.6 اینالاگ اور ڈیجیٹل الیکٹرونکس، ڈیجیٹل الیکٹرونکس کے بنیادی آپریشنز، لاجک گیٹس، اینڈ آپریشن، آر آپریشن، ناٹ آپریشن

11. آر آپریشن کی تعریف کیجیے اور اسکی بولین مساوات بھی لکھیے۔ [GUJ,RWP,FSD-II]

جواب: ''آر آپریشن پیرالل میں جڑے سوئچز (دو یا دو سے زیادہ) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔''

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

یہ سرکٹ ایک لیمپ، بیٹری اور دو پیرالل سوئچز S_1 اور S_2 جو کہ ان پٹ ہیں پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیمپ اس وقت روشن ہو گا جب S_1 اور S_2 میں سے کسی ایک کی قیمت لاجک 1 پر ہوگی۔

بولین مساوات: آر آپریشن کی بولین مساوات X = A+B ہے۔

12. آر آپریشن کا ٹروتھ ٹیبل تحریر کیجیے۔ [LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: آر آپریشن پیرالل میں جڑے سوئچز (دو یا دو سے زیادہ) سے ظاہر کیا جاتا ہے اس کا ٹروتھ ٹیبل درج ذیل ہے:

ٹروتھ ٹیبل (Truth Table):

A	B	X = A+B
0	0	0
0	1	1
1	0	1
1	1	1

13. اینالاگ اور ڈیجیٹل الیکٹرونکس میں فرق کیجیے۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: اینالاگ الیکٹرونکس: "الیکٹرونکس کا وہ شعبہ جو ایسے سرکٹس پر مشتمل ہو جو اینالاگ مقداروں کے مطالعہ کے لیے استعمال ہوتے ہیں، اسے اینالاگ الیکٹرونکس کہتے ہیں۔" مثلاً: ریڈیو، ٹی وی۔

ڈیجیٹل الیکٹرونکس: "الیکٹرونکس کا وہ شعبہ ہے جو ڈیجیٹل مقداروں کو پروسیس کرتا ہے، ڈیجیٹل الیکٹرونکس کہلاتا ہے۔" مثلاً: کمپیوٹر، ریڈار سسٹم۔

14. لاجک آپریشنز کے نام لکھیے۔ [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: لاجک آپریشنز درج ذیل ہیں۔

i۔ اینڈ آپریشن ii۔ آر آپریشن iii۔ ناٹ آپریشن iv۔ نینڈ آپریشن v۔ نار آپریشن

15. لاجک سٹیٹس کیا ہیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: ایک سرکٹ کی ممکنہ ان پٹ اور آؤٹ پٹ حالتوں کو لاجک سٹیٹس یا لاجک ویری ایبلز کہتے ہیں۔

16. بولین الجبرا کی تعریف کیجیے۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: لاجک الجبرا/بولین الجبرا ریاضی کی ایک ایسی شاخ ہے جس کا تعلق لاجک ویری ایبلز سے ہے۔ یہ الجبرا لاجک آپریشنز کو سمبلز کی مدد سے بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ الجبرا جارج بولی (George Boole) نے متعارف کروایا۔ اسی نسبت سے اسے بولین الجبرا بھی کہا جاتا ہے۔

17. اینڈ آپریشن سے کیا مراد ہے؟ اینڈ گیٹ کی ڈایاگرام بنائیے۔ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: اینڈ آپریشن کو سیریز میں جڑے ہوئے سوئچز (دو یا دو سے زیادہ) سے ظاہر کیا جاتا ہے جس میں ہر سوئچ ایک ان پٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ اینڈ آپریشن کی علامت ڈاٹ (.) ہے۔

اینڈ گیٹ کی ڈایاگرام:-

18. اینالاگ مقداروں کی تعریف کیجیے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I]

جواب: اینالاگ مقداریں: "ایسی مقداریں جن کی قیمت ایک تسلسل کے ساتھ تبدیل ہو یا ایک جیسی رہے، اینالاگ مقداریں کہلاتی ہیں۔"

19. اینالوگ ٹو ڈیجیٹل کنورٹر (ADC) اور ڈیجیٹل ٹو اینالوگ کنورٹر (DAC) میں فرق بیان کیجیے۔

[LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

جواب:

اینالاگ ٹو ڈیجیٹل کنورٹر	ڈیجیٹل ٹو اینالاگ کنورٹر
''ایک ایسا سرکٹ جو اینالاگ سگنل کو ڈیجیٹل سگنل میں تبدیل کر دیتا ہے، اینالاگ ٹو ڈیجیٹل کنورٹر (ADC) کہلاتا ہے۔'' جب اینا لاگ سگنل ڈیجٹس (0's یا 1's) کی شکل میں حاصل ہوتا ہے تو ہم اس سگنل کو ڈیجیٹل سرکٹ سے پروسیس کر سکتے ہیں جس کی آوٹ پٹ ڈیجیٹل شکل میں حاصل ہوتی ہے۔	''ایک ایسا سرکٹ جو ڈیجیٹل سگنل کو اینالاگ سگنل میں تبدیل کرتا ہے، ڈیجیٹل ٹو اینالاگ کنورٹر (DAC) کہلاتا ہے۔'' جب ڈیجیٹل سگنل اینا لاگ سگنل میں حاصل ہوتا ہے تو اس کو ہم بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ آج کل جو الیکٹرونکس سسٹم استعمال ہو رہے ہیں وہ اینا لاگ اور ڈیجیٹل دونوں قسم کے سرکٹس پر مشتمل ہیں۔

.20 NOT گیٹ کی تعریف کریں اور اس کا سمبل بنائیے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: **نات گیٹ (Not Gate):** ''ایسا الیکٹرونک سرکٹ جو نات آپریشن کی تعمیل کے لیے استعمال ہوتا ہے، نات گیٹ کہلاتا ہے۔''

نات گیٹ کی علامت: نات گیٹ کی علامت مندرجہ ذیل شکل میں دکھائی گئی ہے:

نات گیٹ

آر آپریشن، نات آپریشن	16.7,16.8

.21 OR آپریشن کے لیے ٹروتھ ٹیبل بنائیں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب:

A	B	X = A + B
0	0	0
0	1	1
1	0	1
1	1	1

.22 آر آپریشن کی تعریف لکھیے۔ [RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

جواب: ایسا آپریشن جس کی آوٹ پٹ اُس وقت آف (0) ہوگی جب تمام ان پٹس کھلی (صفر) ہوں ورنہ آوٹ پٹ آن (1) ہوگی۔

.23 NOT آپریشن کی تعریف کیجیے۔ [RWP-II,DGK-I]

جواب: ایسا آپریشن جو دی گئی ان پٹ کو الٹ دے، NOT آپریشن کہلاتا ہے۔

.24 لاجک کمپلی مینٹیشن کون سا گیٹ ادا کرتا ہے؟ [DGK-I,BWP-I,SWL-I]

جواب: لاجک کمپلی مینٹیشن نات گیٹ ادا کرتا ہے۔ نات گیٹ کے بنیادی لاجک گیٹ کو انورشن یا کمپلی مینٹیشن کہتے ہیں۔

نینڈ گیٹ، نار گیٹ، لاجک گیٹس کا استعمال	16.9-16.11

.25 NAND ایک یونیورسل گیٹ ہے اس کی علامت اور ٹروتھ ٹیبل بنائیے۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: **نینڈ گیٹ:** جب اینڈ آپریشن پر نات آپریشن اپلائی کریں تو نینڈ آپریشن حاصل ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جب اینڈ گیٹ کی آوٹ پٹ کو نات گیٹ کے ساتھ کپل کر دیں تو نینڈ گیٹ حاصل ہوتا ہے۔



Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

ناٹ گیٹ اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ کو الٹ کر دیتا ہے۔ نینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ کو لکھتے ہیں $X = \overline{A.B}$ اور اس کو یوں پڑھتے ہیں "X برابر ہے A اینڈ B ناٹ"۔ نینڈ گیٹ کی علامت شکل میں دکھائی گئی ہے جس میں ناٹ گیٹ کو چھوٹے سے دائرہ سے ظاہر کیا گیا ہے۔

نینڈ گیٹ کی علامت میں اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ پر چھوٹا سا دائرہ لگا دیتے ہیں جو ناٹ آپریشن کو ظاہر کرتا ہے۔

نینڈ گیٹ کا ٹروتھ ٹیبل

A	B	$X = \overline{A.B}$
0	0	1
0	1	1
1	0	1
1	1	0

26. **نینڈ گیٹ، اینڈ گیٹ کا الٹ ہے۔ مختصر اوضاحت کیجئے۔** [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: جب اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ کو ناٹ گیٹ (NOT GATE) کے ساتھ کپل کر دیں تو نینڈ گیٹ (NAND GATE) حاصل ہوتا ہے۔ ناٹ گیٹ، اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ کو الٹ کر دیتا ہے۔ نینڈ گیٹ (NAND GATE) کے ٹروتھ ٹیبل سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ہر طرف اینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ تبدیل ہو کر اس کا اُلٹ ہو جاتی ہے۔

27. **نار گیٹ کی وضاحت کریں۔** [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

جواب: جب آر آپریشن پر ناٹ آپریشن اپلائی کرتے ہیں تو نار آپریشن حاصل ہوتا ہے۔ جب آر گیٹ کی آؤٹ پٹ پر ناٹ گیٹ اپلائی کرتے ہیں تو نار گیٹ حاصل ہوتا ہے۔ اگر دونوں کی اِن پٹس ایک جیسی ہوں تو نار گیٹ کی آؤٹ پٹ آر گیٹ کی آؤٹ پٹ کا الٹ ہوگی۔ نار گیٹ کی بولین علامت $X = \overline{A + B}$ ہے۔ اس کو پڑھتے ہیں "X برابر ہے A آر B ناٹ"۔

نار گیٹ کی علامت



نار گیٹ کا ٹروتھ ٹیبل

A	B	$X = \overline{A + B}$
0	0	1
0	1	0
1	0	0
1	1	0

28. **OR گیٹ کی سرکٹ ڈایا گرام بنایئے۔** [RWP-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: ایسا الیکٹرونک سرکٹ جو آر آپریشن کی تعمیل کے لیے استعمال ہوتا ہے آر گیٹ کہلاتا ہے۔

سرکٹ ڈایا گرام:



29. **لاجک گیٹس کا استعمال لکھیے۔** [MTN-II,FSD-I/II,DGK-II,RWP-I,SGD-I]

جواب: (i) ہم الیکٹرونک سرکٹس میں مختلف کام سرانجام دینے کے لیے لاجک گیٹس استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سرکٹس ان پٹ کو کم رکھنے کے لیے لائٹ ڈیپنڈنگ (Light depending) رزسٹرز (LDR) استعمال کر سکتے ہیں۔ ایک LDR سوئچ کے طور پر عمل کرتا ہے جو روشنی میں بند ہو جاتا ہے اور اندھیرے میں کھلا رہتا ہے۔ (ii) گھر کا سیفٹی الارم بنانے میں نینڈ گیٹ استعمال ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم نگر WHTSAPP:03406042418

30. آپ لاجک آپریشن X = A.B کا عام ضرب سے موازنہ کیسے کر سکتے ہیں؟ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

جواب: اینڈ آپریشن کے ٹروتھ ٹیبل سے یہ ظاہر ہے کہ ہر مرتبہ '0' سے ضرب کے بعد جواب 0 آتا ہے لہٰذا لاجک آپریشن X = A.B عام ضرب کی طرح عمل کرتا ہے۔

31. اینڈ گیٹ کے لئے علامت اور ٹروتھ ٹیبل تحریر کیجئے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

جواب: علامت:



اینڈ گیٹ

A	B	X = A. B
0	0	0
0	1	0
1	0	0
1	1	1

32. نینڈ گیٹ کی ٹروتھ ٹیبل بنایئے۔ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

جواب: نینڈ گیٹ کی ٹروتھ ٹیبل: نینڈ گیٹ کے ٹروتھ ٹیبل کو مندرجہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔

A	B	$X = \overline{A.B}$
0	0	1
0	1	1
1	0	1
1	1	0

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: اوسیلوسکوپ کے مختلف کمپونینٹس کے عمل کی وضاحت کریں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ کے کمپونینٹس (Components of Cathode Ray Oscilloscope)

کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ درج ذیل حصوں پر مشتمل ہوتی ہے:

(i) الیکٹرون گن (Electron Gun) (ii) ڈفلیکٹنگ پلیٹس (Deflecting Plates)

(iii) فلوریسنٹ سکرین (Fluorescent Screen)

(i) الیکٹرون گن (Electron Gun)

CRO میں الیکٹرون گن تیز رفتار الیکٹرونز کی بیم پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ الیکٹرونز کی اس بیم کو کیتھوڈ ریز کہتے ہیں۔ الیکٹرون گن الیکٹرونز سورس پر مشتمل ہوتی ہے جو کہ الیکٹرک طور پر گرم کی ہوئی کیتھوڈ رے جس سے الیکٹرونز خارج ہوتے ہیں۔ الیکٹرون گن کے اندر ایک گرڈ (G) ہوتا ہے جو الیکٹرونز کے بہاؤ کو کنٹرول کرتا ہے۔ گرڈ نیگیٹیو پوٹینشل کے ساتھ جڑا ہوتا ہے۔ یہ پوٹینشل جتنا زیادہ نیگیٹیو ہوگا اسی مقدار سے گرڈ الیکٹرونز کو دفع کرے گا اور بہت کم الیکٹرونز اینوڈ اور سکرین پر پہنچ پائیں گے۔ سکرین پر چمک کی شدت الیکٹرونز کی تعداد کو ظاہر کرتی ہے۔ لہٰذا گرڈ کا نیگیٹیو پوٹینشل سکرین کی چمک کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اسی لیے اینوڈ پوزیٹیو پوٹینشل سے جڑا ہوتا ہے اور یہ الیکٹرونز کو ایکسلریٹ (دھکیلنے) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ الیکٹرونز جب اینوڈ سے گزرتے ہیں تو یہ ایک بیم کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

(ii) ڈفلیکٹنگ پلیٹس (Deflecting Plates)

جب الیکٹرونز کی بیم الیکٹرون گن سے نکلتی ہے تو یہ پیرالل پلیٹس کے درمیان سے گزرتی ہے۔ان پلیٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرینس ہوتا ہے جو بیم کو عمودی پلین (plane) میں ڈفلیکٹ کر دیتا ہے۔ پیرالل پلیٹس کا یہ جوڑا اسکرین پر الیکٹرونز کے نشان کو Y ایکسز یا عمودی سمت میں ڈفلیکٹ کرتا ہے۔ جب کہ عمودی پلیٹس کا جوڑا اسکرین پر اس نشان کو X ایکسز یا افقی سمت میں ڈفلیکٹ کرتا ہے۔

(iii) فلوریسنٹ سکرین (Fluorescent Screen)

کیتھوڈ رے اوسیلوسکوپ کی سکرین فاسفورس کی پتلی تہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ جب اس پر تیز رفتار الیکٹرونز ٹکراتے ہیں تو یہ روشنی خارج کرتی ہے۔

سوال نمبر 2: آپ اینالاگ اور ڈیجیٹل مقداروں کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ [MTN-I,SGD-II,BWP-I]

جواب: اینالاگ مقداریں (Analogue Quantities)

''ایسی مقداریں جن کی قیمت ایک تسلسل کے ساتھ تبدیل ہو یا ایک جیسی رہے، اینالاگ مقداریں کہلاتی ہیں۔''

مثالیں (Examples)

مثال کے طور پر دن کے چوبیس گھنٹوں کے دوران ٹمپریچر ایک تسلسل کے ساتھ تبدیل ہوتا ہے۔ اگر ہم وقت اور ٹمپریچر کی مختلف قیمتوں کے درمیان گراف بنائیں تو گراف حاصل ہوتا ہے۔ اس گراف سے ظاہر ہوتا ہے کہ ٹمپریچر ایک اینالاگ مقدار ہے۔ اس کے علاوہ، پریشر اور فاصلہ، وغیرہ اینالاگ مقداریں ہیں۔

ڈیجیٹل مقداریں (Digital Quantities)

''ایسی مقداریں جن کی قیمتیں عدم تسلسل کے انداز سے تبدیل ہوں، ڈیجیٹل مقداریں کہلاتی ہیں۔''

مثالیں (Examples)

ڈیجیٹل مقداروں کو ڈیجٹس (Digits) اور نمبرز میں بیان کیا جاتا ہے۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. **ایسا طریقہ کار جس میں میٹل کی گرم سطح سے الیکٹرونز خارج ہوں کہلاتا ہے:**
(الف) بوائلنگ (ب) اویپوریشن (ج) کنڈکشن (د) تھرمیونک ایمیشن

2. **ایسے پارٹیکلز جو گرم کیتھوڈ کی سطح سے خارج ہوں کہلاتے ہیں:**
(الف) پوزیٹیو آئنز (ب) نیگیٹیو آئنز (ج) پروٹونز (د) الیکٹرونز

3. **کس گیٹ سے لاجک آپریشن حاصل ہوتا ہے؟**



(الف) اینڈ (ب) نار (ج) نینڈ (د) آر

4. **کون سے دو گیٹس استعمال کریں تو اینڈ گیٹ جیسی آؤٹ پٹ حاصل ہو سکتی ہے؟**
(الف) ناٹ گیٹس (ب) آر گیٹس (ج) نار گیٹس (د) نینڈ گیٹس

5. **دو ان پٹ والے نار گیٹ کی آؤٹ پٹ 1 ہو گی اگر:**
(الف) A=1 اور B=0 (ب) A=0 اور B=1 (ج) A=0 اور B=0 (د) A=1 اور B=1

6. **اگر X= A.B، تو لیول 1 پر ہو گی اگر:**
(الف) A=1 اور B=1 (ب) A=0 اور B=0 (ج) A=0 اور B=1 (د) A=1 اور B=0

7. **نینڈ گیٹ کی آؤٹ پٹ 0 ہو گی اگر:**
(الف) A=0 اور B=0 (ب) A=1 اور B=1 (ج) A=0 اور B=0 (د) A=1 اور B=1

جوابات

1	د	2	د	3	ج	4	ب	5	ج
6	الف	7	د						

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

باب: 17	انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 کمپیوٹر کا بنیادی آپریشن ہے: [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]
(A) ارتھ میٹک آپریشنز (B) نان ارتھ میٹک آپریشنز (C) لاجک آپریشنز (D) A اور C دونوں

.2 ریڈیو ٹیکنالوجی استعمال ہوتی ہے۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]
(A) موبائل فون (B) ٹیلی فون (C) فیکس مشین (D) مائیکروفون

.3 ایک کلوبائیٹ (1 KB) ڈیٹا برابر ہے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]
(A) 1024 Bite (B) 1024 KB (C) 1000 MB (D) ان میں سے کوئی نہیں

.4 ان میں کون سے ویب براؤزر نہیں ہے؟ [BWP-II,MTN-I,SWL-II,DGK-I]
(A) کروم (B) یوٹیوب (C) موزیلا فائرفوکس (D) سفاری

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

17.1,17.2	انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی، کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم کے کمپوننٹس

.5 کون سا عمل پروسیسنگ نہیں ہے: [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]
(A) ترتیب دینا (B) جوڑتوڑ کرنا (C) حساب کتاب کرنا (D) اکٹھا کرنا

.6 کسی بھی کمپیوٹر سسٹم کا دماغ ہے: [DGK-II,MTN-I]
(A) مونیٹر (B) میموری (C) سی پی یو (D) کنٹرول یونٹ

.7 کمپیوٹر میں انفارمیشن کا مطلب ہے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]
(A) کوئی بھی ڈیٹا (B) فالتو ڈیٹا (C) پروسیسڈ ڈیٹا (D) زیادہ ڈیٹا

.8 کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم کے اجزاء کی تعداد ہے: [RWP-II,FSD-II,DGK-II,BWP-I/II,SWL-I]
(A) 4 (B) 3 (C) 5 (D) 6

17.3,17.4	انفارمیشن کا بہاؤ، وائرز کے ذریعے الیکٹریکل سگنلز کی منتقلی

.9 الیگزینڈر گراہم بیل نے 1876ء میں بنایا: [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]
(A) سیل (B) ٹیلی فون (C) کمپیوٹر (D) مشین

.10 ٹیلی فون ایجاد ہوا: [LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]
(A) 1676 (B) 1776 (C) 1876 (D) 1976

17.5,17.6	ریڈیو ویوز کی خلا کے ذریعے ٹرانسمیشن، آپٹیکل فائبر کے ذریعے روشنی کے سگنلز کی ٹرانسمیشن

.11 ریڈیو ویوز ہیں: [LHR-II,BWP-II,SWL-II]
(A) مکینیکل (B) الیکٹرومیگنیٹک (C) آواز کی لہریں (D) یہ تمام

.12 فیکس مشین کو بھی کہتے ہیں۔ [FSD-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-I]
(A) ریڈیو (B) کمپیوٹر (C) ٹیلی ٹیکنکس مشین (D) ٹیلی فون

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

[GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

.13 کسی بھی کمپیوٹر سسٹم کا دماغ ہے۔

(A) مونیٹر (B) میموری (C) CPU (D) کنٹرول یونٹ

[LHR-I,GUJ-I/II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

.14 کمپیوٹر کا بنیادی آپریشن ہے۔

(A) ارتھ میٹک آپریشن (B) لاجک آپریشن

(C) نان ارتھ میٹک آپریشن (D) ارتھ میٹک اینڈ لاجک آپریشن

17.7-17.9	کمپیوٹر، انفارمیشن سٹوریج ڈیوائسز، کمپیوٹر کا استعمال

[DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

.15 ایک بائٹ برابر ہوتا ہے۔

(A) 10 بٹز (B) 8 بٹز (C) 6 بٹز (D) 4 بٹز

[LHR-II,GUJ-II,FSD-I,RWP-II,DGK-II,SGD-II]

.16 1024 KB برابر ہوتے ہیں۔

(A) 1 MB (B) 1 GB (C) 1 TB (D) 1 PB

[GUJ,RWP,FSD-II]

.17 اگر سی ڈی نرم، لچکدار مواد کی بنی ہوئی ہو تو کہلاتی ہے۔

(A) فلاپی ڈسک (B) دھاتی ڈسک (C) ہارڈ ڈسک (D) کمپاؤنڈ ڈسک

[LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

.18 ایلومینیم سے بنی ڈسک ہے۔

(A) کمپیکٹ ڈسک (B) ہارڈ ڈسک (C) فلاپی ڈسک (D) لیزر ڈسک

17.10,17.11	انٹرنیٹ، ICT کا معاشرے اور ماحول کے خطرہ

[FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

.19 ای میل کس شے کا مخفف ہے:

(A) ایمرجنسی میل (B) الیکٹرونک میل (C) ایکسٹرا میل (D) ایکسٹرنل میل

[DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

.20 مندرجہ ذیل میں سے کس سے آپ ہر طرح کی انفارمیشن حاصل کر سکتے ہیں؟

(A) کتاب (B) استاد (C) کمپیوٹر (D) انٹرنیٹ

[DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

.21 براڈ بینڈ سے معلومات ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

(A) ایک منٹ میں (B) ایک سیکنڈ میں (C) ایک دن میں (D) دو دنوں میں

جوابات

C	10	B	9	C	8	C	7	C	6	D	5	B	4	A	3	A	2	D	1
D	20	B	19	B	18	A	17	A	16	B	15	D	14	C	13	C	12	B	11
																		B	21

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

[LHR-II,RWP-II,SGD-I,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

.1 ڈیٹا کی تعریف کریں۔

جواب: ڈیٹا: ڈیٹا ایسے حقائق اور اشکال ہیں جن سے بذریعہ پروگرامز کارآمد انفارمیشن حاصل کی جاتی ہیں۔ یہ ٹیکسٹ یا گرافکس کی صورت میں ہو سکتے ہیں، جنہیں ریکارڈ کیا جا سکتا ہے اور جن کا خاص مطلب ہوتا ہے۔ پروگرامز کی طرح ڈیٹا عام طور پر مشین سے پڑھی جانے والی شکل میں ڈسک یا ٹیپ پر اس وقت تک سٹور رہتا ہے جب تک کمپیوٹر کو اس کی ضرورت ہوتی ہے۔

[GUJ-I,SGD-II]

.2 انفارمیشن کے بہاؤ سے کیا مراد ہے؟

جواب: "انفارمیشن کے بہاؤ سے مراد انفارمیشن کا الیکٹرونک اور آپٹیکل ڈیوائسز کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ہے۔"

[FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

.3 (CBIS) میں طریقہ کار سے کیا مراد ہے؟

جواب: (CBIS) میں طریقہ کار: یہ ہدایات اور قوانین کا مجموعہ ہے جو انفارمیشن سسٹم کو ڈیزائن کرنے اور استعمال کرنے کے لیے بنائے جاتے

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

ہیں۔ ان کو استعمال کرنے کے لیے دستاویزات اور مینولز کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ یہ قوانین اور طریقے وقت کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔ ان تبدیلیوں کو شامل کرنے کے لیے انفارمیشن سسٹم کا لچکدار ہونا بہت ضروری ہے۔

.4 مائیکروویوز سٹیلائیٹ کمیونیکیشن کے لیے کیوں زیادہ موثر ہیں؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: مائیکروویوز سٹیلائیٹ کمیونیکیشن کے لیے اس لیے ضروری ہیں کہ مائیکروویوز خلا میں سیدھی سفر کرتی ہیں اور ہمیں بہت موثر سگنلز مہیا کرتی ہیں ہم دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ملی سیکنڈز میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

.5 آپریٹنگ سسٹم کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: آپریٹنگ سسٹم: آپریٹنگ سسٹم (OS) ایسا سافٹ ویئر ہے جو آپ کے کمپیوٹر اور اس سے منسلک ڈیوائسیز کو منظم کرتا ہے۔

مثالیں: ونڈوز (windows) اور لینکس (linux) دو مشہور آپریٹنگ سسٹم ہیں۔

.6 فلیش ڈرائیو کیا ہے؟ [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: یہ ایک الیکٹرونکس ڈیوائس ہے جو ڈیٹا سٹور کرنے والے (IC's) پر مشتمل ہوتا ہے۔ فلیش ڈرائیو فائلز سٹور کرنے والی ایک چھوٹی سی ڈیوائس ہے جو فائلز کو ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر میں منتقل کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

.7 انٹرنیٹ کیا ہے؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: ''جب دنیا کے بہت سے کمپیوٹرز کو ایک دوسرے کے ساتھ کمیونیکیشن مقاصد کے لیے مربوط کر دیا جائے تو اسے انٹرنیٹ کہتے ہیں۔ یہ کمپیوٹر کا ایسا جال ہے جو دنیا بھر میں پھیلا ہوا ہے۔ انٹرنیٹ ٹیلی کمیونیکیشن اور بہت سے دوسرے سسٹم کو استعمال کرتے ہوئے تمام کمپیوٹرز کو ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کرتا ہے۔

.8 براؤزرز کیا ہیں؟ ان کی دو مثالیں دیجیے۔ [RWP-I,GUJ-I,MTN-I,SGD-II]

جواب: براؤزرز (Browsers): براؤزرز ایک ایسا عمل ہے جو ویب کو ونڈو (Window) فراہم کرتا ہے۔ تمام براؤزرز انفارمیشن کے صفحات کو اکٹھا کر کے دنیا بھر کی ویب سائٹس پر ظاہر کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ ہم مختلف براؤزرز یا سرچ انجنز (Search Engines) کے ذریعے کسی بھی شے کو ویب پر تلاش کر سکتے ہیں۔''

اہم براؤزرز کی فہرست: آج کل مارکیٹ میں سب سے زیادہ مقبول براؤزرز کے نام درج ذیل ہیں:

(i) انٹرنیٹ ایکسپلورر (Internet Explorer) (ii) گوگل کروم (Google Chrome)

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

17.1,17.2	انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی، کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم کے کمپونینٹس

.9 ٹیلی کمیونیکیشن سے کیا مراد ہے؟ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]

جواب: وہ طریقہ کار جو دور دراز علاقوں تک فوری انفارمیشن بہم پہنچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ٹیلی کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔

.10 کمپیوٹر کے دو استعمالات لکھیں۔ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: i۔ ورڈ پروسیسنگ: اس کے ذریعے ہم کوئی ڈاکومنٹ بنا سکتے ہیں۔

ii۔ ڈیٹا مینجمنٹ، مونیٹرنگ اور کنٹرول: ڈیٹا مینجمنٹ کی مدد سے تعلیمی ادارے، لائبریریاں ہسپتال اور صنعتی ادارے اپنا ڈیٹا سٹور کرتے ہیں۔

.11 ڈیٹا اور انفارمیشن میں کیا فرق ہے؟ [LHR-II,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

جواب: ڈیٹا (Data): ''کارآمد انفارمیشن حاصل کرنے کے لیے پروگرامز میں استعمال ہونے والے حقائق کو ڈیٹا کا نام دیا جاتا ہے۔''

انفارمیشن (Information): ''کمپیوٹر کی اصطلاح میں پروسیسڈ ڈیٹا (processed data) کو انفارمیشن کہتے ہیں۔''

کمپیوٹر ڈیٹا کو پروسیس کرنے کے بعد اس کو کارآمد انفارمیشن میں تبدیل کر دیتا ہے۔ یہ انفارمیشن ساؤنڈ تصویر اور کمپیوٹرائزڈ ڈیٹا کی صورت میں دور دراز علاقوں تک منتقل کی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

.12 ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر میں کیا فرق ہے؟ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

جواب: **ہارڈ ویئر:** ہارڈ ویئر کا تعلق مشینری سے ہوتا ہے۔ یہ سینٹرل پروسیسنگ یونٹ (CPU) اور اس کو سپورٹ کرنے والے تمام اپلائنسز پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ان اپلائنسز میں ان پٹ اور آؤٹ پٹ ڈیوائسز، سٹور کرنے والے ڈیوائسز اور کمیونیکیشن ڈیوائسز شامل ہوتے ہیں۔ مثلاً: کی بورڈ، مانیٹر، پرنٹر۔

سوفٹ ویئر: سوفٹ ویئر سے مراد کمپیوٹر پروگرامز اور ان کو سپورٹ کرنے والے مینولز (Mannuals) ہیں۔ کمپیوٹر پروگرامز مشین سے پڑھی جانے والی ہدایات ہیں جو CBIS کے ہارڈ ویئر پارٹس میں موجود سرکٹس کو فراہم کی جاتی ہیں تا کہ ڈیٹا سے کار آمد انفارمیشن حاصل کی جا سکے۔ پروگرامز عام طور پر ان پٹ اور آؤٹ پٹ میڈیم پر سٹور ہوتے ہیں جو کہ اکثر ڈسک یا ٹیپ ہیں۔ مثلاً: ونڈو، **لینکس** آپریٹنگ سسٹم۔

.13 لائٹ سگنلز کو آپٹیکل فائبرز کے ذریعے کیسے بھیجتے ہیں؟ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: کور کے ایک کنارے سے داخل ہونے والی روشنی، کور اور کلیڈنگ کو ملانے والی لائن پر کریٹیکل اینگل سے بڑے انسیڈینٹ اینگل پر ٹکراتی ہے۔ اس لیے یہ روشنی کور میں واپس لوٹ آتی ہے۔ اس طرح سے یہ روشنی بہت کم انرجی ضائع کرتے ہوئے کئی کلومیٹر تک سفر کر سکتی ہے۔

.14 انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-I,SGD-II,MTN-II,RWP-I/II,DGK-II]

جواب: ایسا طریقہ کار اور ذریعہ جو الیکٹرونک ڈیوائسز استعمال کرتے ہوئے انفارمیشن کی وسیع مقدار کو سیکنڈز میں سٹور، پروسیس اور ترسیل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔

.15 آپٹیکل فائبر کے دو استعمال تحریر کیجئے۔ [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

جواب: **انٹرنیٹ:** فائبر آپٹک کیبل بڑی تعداد میں ڈیٹا کو تیزی سے ٹرانسفر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔

سرجری اور ڈینٹسٹری: فائبر آپٹک کیبلز میڈیسن اور ریسرچ کے شعبوں میں کثرت سے استعمال ہوتی ہیں۔

.16 انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن میں فرق کیجیے۔ [SGD-I/II,GUJ-II,MTN-I,DGK-I,SWL-II]

جواب:

انفارمیشن ٹیکنالوجی	ٹیلی کمیونیکیشن ٹیکنالوجی
"انفارمیشن کو کار آمد مقاصد کے لیے سٹور کرنے، ترتیب دینے، استعمال میں لانے اور دوسروں تک پہنچانے کا سائنسی طریقہ کار، انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) کہلاتا ہے۔"	"وہ طریقہ کار جو دور دراز علاقوں تک فوری انفارمیشن بہم پہنچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے، ٹیلی کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔"

.17 کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم کے کمپونینٹس کی فہرست تحریر کیجیے۔ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: کمپیوٹر بیسڈ انفارمیشن سسٹم کے کمپونینٹس مندرجہ ذیل ہیں:

i) ہارڈ ویئر (ii) سوفٹ ویئر (iii) ڈیٹا (iv) طریقہ کار (v) افراد

.18 سوفٹ ویئر سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II,GUJ-I,FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: سوفٹ ویئر سے مراد کمپیوٹر پروگرام اور ان کو سپورٹ کرنے والے مینولز (mannuals) ہیں۔ کمپیوٹر پروگرامز مشین سے پڑھی جانے والی ہدایات ہیں جو CBIS کی ہارڈ ویئر پارٹس میں موجود سرکٹس کو فراہم کی جاتی ہیں تا کہ ڈیٹا سے کار آمد انفارمیشن حاصل کی جا سکے۔ پروگرامز عام طور پر ان پٹ اور آؤٹ پٹ میڈیم پر سٹور ہوتے ہیں جو کہ اکثر ڈسک یا ٹیپ ہوتی ہیں۔

17.3,17.4 انفارمیشن کا بہاؤ، وائرز کے ذریعے الیکٹریکل سگنلز کی منتقلی

.19 کوایکسل کیبل وائرز کہاں استعمال ہوتے ہیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: **کوایکسل کے استعمالات:**

(i) کوایکسل کیبل وائرز الیکٹرک سگنل ٹرانسمٹ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً: T.V کیبل۔

(ii) کسی بیرونی الیکٹرک اور میگنیٹک مداخلت کو روکنے کے لیے کوایکسل وائر پر ایک کنڈکٹنگ میٹیریل کی تہہ چڑھا دی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم نگر WHTSAPP:03406042418

.20 انفارمیشن کے بہاؤ سے کیا مراد ہے؟ [DGK-I,BWP-II]

جواب: انفارمیشن کے بہاؤ سے مراد انفارمیشن کا الیکٹرونک اور آپٹیکل ڈیوائیسز کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا ہے۔

17.5,17.6	ریڈیو ویوز کی خلا کے ذریعے ٹرانسمیشن،، آپٹیکل فائبر کے ذریعے روشنی کے سگنلز کی ٹرانسمیشن

.21 مائیکرو ویوز کے دو استعمالات تحریر کریں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: مائیکرو ویوز کے استعمالات:

(i) سیل فون کی ٹرانسمیشن مائیکرو ویوز کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(ii) کمیونیکیشن سٹیلائیٹ میں مائیکرو ویوز کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

.22 سیل فون اور فوٹو فون میں کیا فرق ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: سیل فون: سیل فون ایک قسم کا ریڈیو ہے جس میں دوطرفہ کمیونیکیشن ہو سکتی ہے۔ موبائل فون کے اندر ہی ریڈیو ٹرانسمٹر اور سیور لگا ہوتا ہے۔ یہ پیغام کو ریڈیو ویوز کی صورت میں بھیجتا اور وصول کرتا ہے۔ سیل فون نیٹ ورک سسٹم سیلز، بیس اسٹیشن سینٹر، موبائل سوئچنگ سینٹر۔

فوٹو فون: فوٹو فون یا ویڈیو فون، ٹیلی فون کی ایک جدید قسم ہے جس میں عام ٹیلی فون کے برعکس گفتگو کرنے والے ایک دوسرے کی تصویر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

.23 آپٹیکل فائبر کی تعریف کریں۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I]

جواب: انسانی بال کی موٹائی کے برابر گلاس کا ایک ایسا بنڈل جس میں سے روشنی گزر سکتی ہو، آپٹیکل فائبر کہلاتا ہے۔ اس کی مدد سے بہت زیادہ شرح کا ڈیٹا زیادہ فاصلے تک منتقل کیا جا سکتا ہے۔

17.7-17.9	کمپیوٹر، انفارمیشن سٹوریج ڈیوائسز، کمپیوٹر کا استعمال

.24 کمپیوٹر کیا ہے؟ اس کے اہم حصوں کے نام لکھیں۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: کمپیوٹر: ایک الیکٹرونک کمپیوٹنگ مشین ہے جو جمع، تفریق کرنے اور ضرب دینے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ کمپیوٹر ہارڈ ویئرز اور سافٹ ویئرز کے باہمی عمل کا امتزاج ہے۔

کمپیوٹر کے حصے: اس میں CPU، مونیٹر، کی بورڈ، ماؤس اور پرنٹر وغیرہ شامل ہیں۔

.25 سپر کمپیوٹر کیا ہے؟ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: سب سے زیادہ مؤثر اور تیز رفتار کمپیوٹر جو ایک سیکنڈ کے 10^{-12} ویں حصہ میں معلومات کو ہم تک پہنچا سکتا ہے، اسے سپر کمپیوٹر کہتے ہیں۔ سپر کمپیوٹر بہت سے پروسیسرز پر مشتمل ہوتا ہے۔

.26 کمپیکٹ ڈسک سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: ایک پلاسٹک سے بنی ڈسک جو ڈیجیٹل ڈیٹا سٹور کرتی ہے اور اس پر ریکارڈ شدہ ساؤنڈ اور دوسری انفارمیشن کو لیزر بیم کے ذریعے سکین کیا جاتا ہے۔ یہ لیزر ٹیکنالوجی پر مبنی پلاسٹک سے ڈھکی ہوئی ایک ڈسک ہے۔ اس کو عام طور پر (CD) کہتے ہیں۔

.27 ڈیٹا سٹور کرنے کے لیے فلاپی ڈسک زیادہ بہتر ہے یا ہارڈ ڈسک؟ وجہ بیان کیجیے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: ہارڈ ڈسک ایک دھاتی ڈسک ہے۔ جو کہ فلاپی کی نسبت زیادہ ڈیٹا کو سٹور کر سکتی ہے۔ فلاپی ڈسک زیادہ قابل اعتماد نہیں ہے جب کہ ہارڈ ڈسک زیادہ قابل بھروسہ ہے۔ ہارڈ ڈسک کی ڈیٹا سٹور کرنے کی صلاحیت فلاپی ڈسک کی نسبت ہزاروں گنا زیادہ ہے۔

.28 ورڈ پروسیسنگ اور ڈیٹا مینیجنگ کی اصطلاح سے کیا مراد ہے؟ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: ورڈ پروسیسنگ: ورڈ پروسیسنگ کمپیوٹر کا ایسا استعمال ہے جس کی ذریعے ہم خطوط یا مضمون لکھ سکتے ہیں، رپورٹس اور کتابیں تیار کر سکتے ہیں۔ ورڈ پروسیسر ایک پروگرام ہے جس کے ذریعے ہم کوئی ڈاکومنٹ بنا سکتے ہیں اور اس کو ٹائپ کرنے کے بعد سکرین پر دیکھ سکتے ہیں۔

ڈیٹا مینیجنگ: کسی کام سے متعلق تمام انفارمیشن کو ایک جگہ اکٹھا کر لینا اور ایک یا زائد منسلک فائلز کی صورت میں کمپیوٹر میں سٹور کر لینا جو بوقت ضرورت کام آ سکے، ڈیٹا مینیجنگ کہلاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

17.10,17.11 انٹرنیٹ، ICT کا معاشرے اور ماحول کے خطرہ

.29 انٹرنیٹ کی دو خدمات تحریر کیجئے۔ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,RUJ-II,SWL-I]

جواب: (i) ویب براؤزنگ(Web Browsing): یہ ذریعہ صارفین کو ویب براؤزرز(Web Browsers) استعمال کر کے ویب پیج(Web page) دیکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔اس کے ذریعہ سے لوگ ایک دوسرے کو پیغام بھیج سکتے ہیں اور وصول کر سکتے ہیں۔

(ii) ای میل(E-mail): اس کے ذریعہ سے لوگ ایک دوسرے کو پیغام بھیج سکتے ہیں اور وصول کر سکتے ہیں۔

.30 الیکٹرونک میل کے دو فوائد بیان کیجئے۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-II,SWL-I]

جواب: فوائد:

i۔ فاسٹ کمیونیکیشن: ہم پیغامات کو دنیا میں کہیں بھی فوری طور پر بھیج سکتے ہیں۔

ii۔ ورسٹائل: تصاویر اور فائلز بھی ای میل کے ذریعے بھیجی جا سکتی ہیں۔

.31 ویب بروزنگ اور ای میل میں کیا فرق ہے؟ [MTN-I,GUJ-I,FSD-II,SWL-I/II]

جواب: براؤزر: براؤزر ایک ایسا عمل ہے جو ویب کو ونڈو(Window) فراہم کرتا ہے۔تمام براؤزرز انفارمیشن کے صفحات کو اکٹھا کر کے دنیا بھر کی ویب سائٹس پر ظاہر کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔آج کل مارکیٹ میں سب سے زیادہ مقبول براؤزرز میں انٹرنیٹ ایکسپلورر، ورلڈ، اُپیرا، سفاری، موزیلا فائرفوکس اور کروم وغیرہ شامل ہیں۔

ہم مختلف براؤزرز یا سرچ انجنز جیسا کہ گوگل کروم، انٹرنیٹ ایکسپلورر، موزیلا فائرفوکس وغیرہ کے ذریعے کسی بھی شے کو تلاش کر سکتے ہیں۔

الیکٹرونک میل: انٹرنیٹ کے وسیع استعمال میں سے ای میل کا استعمال بہت زیادہ ہے۔اس کے ذریعے انٹرنیٹ پر کسی بھی فعال سائٹ پر پیغامات کی تیزی سے ترسیل کی جاتی ہے۔مزید برآں ای میل کے ذریعے دوسرے لوگوں کے ساتھ ہمارا رابطہ بہت تیز اور قابل اعتماد ہو گیا ہے۔لہٰذا ہم اپنی ای میل کے ذریعے زیادہ آسانی اور رفتار کے ساتھ اپنے دوستوں اور اداروں کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ای میل کے کچھ فوائد درج ذیل ہیں:

(i) فاسٹ کمیونیکیشن (ii) کاسٹ فری سروس (iii) آسان استعمال (iv) زیادہ مؤثر (v) ورسٹائل

.32 آج کل استعمال ہونے والے کم از کم چار براؤزرز کے نام لکھیے۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-I,MTN-I/II]

جواب: i) انٹرنیٹ ایکسپلورر(Internet Explorer) ii) گوگل کروم (Google Chrome)

iii) موزیلا فائرفوکس(Mozilla Firefox) iv) ورلڈ (The World)

.33 انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل ہونے والی مرکزی خدمات تحریر کریں۔ [GUJ-I,FSD-II,DGK-II,RWP-I]

جواب: انٹرنیٹ کی خدمات: انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل ہونے والی مرکزی خدمات یہ ہیں:

(i) ویب براؤزنگ: یہ ذریعہ صارفین کو ویب براؤزرز(Web Browsers) استعمال کر کے ویب پیج(Web page) دیکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

(ii) ای میل(E-mail): اس کے ذریعہ سے لوگ ایک دوسرے کو پیغام بھیج سکتے ہیں اور وصول کر سکتے ہیں۔

انشائیہ سوالات

سوال نمبر1: پرائمری میموری اور سیکنڈری میموری کے درمیان فرق واضح کریں۔ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

جواب: پرائمری میموری(Primpary Memory)

پرائمری میموری کی بنیاد الیکٹرونکس پر ہے اور یہ انٹیگریٹڈ 'ICs' پر مشتمل ہوتی ہے۔یہ ایک رینڈم ایکسس میموری 'RAM' ہے جو کمپیوٹر آف ہونے پر ختم ہو جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

سیکنڈری میموری(Secondary Memory)

عام طور پر سٹوریج ڈیوائسز کو کمپیوٹر کی سیکنڈری میموری کہتے ہیں۔ یہ میموری کمپیوٹر میں مستقل طور پر ڈیٹا سٹور کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ جب ہم کمپیوٹر پر پروگرامز کو چلاتے ہیں تو ڈیٹا سیکنڈری سٹوریج سے پرائمری سٹوریج کی طرف حرکت کرتا ہے۔ سیکنڈری سٹوریج ڈیوائسز، عام طور پر آڈیو، ویڈیو کیسیٹس، فلاپی ڈسکس، کمپیکٹ ڈسکس اور ہارڈ ڈسک وغیرہ ہیں۔

سوال نمبر2: کمپیوٹر ہارڈ ویئرز اور سوفٹ ویئر میں کیا فرق ہے؟ مختلف ہارڈ ویئرز اور سوفٹ ویئرز کے نام لکھیں۔

جواب: **ہارڈ ویئر(Hardware):** ہارڈ ویئر کمپیوٹر کے وہ حصے ہیں جنہیں ہم دیکھ سکتے ہیں اور چھو سکتے ہیں ان کی اہم مثالیں درج ذیل ہیں:

(i) سنٹرل پروسیسنگ یونٹ، سی پی یو(Central Processing Unit, CPU)

(ii) مونیٹر(Monitor) (iii) کی بورڈ(Key borad)

(iv) ماؤس(Mouse) (v) پرنٹر(Printer)

سوفٹ ویئر(Software): سوفٹ ویئر ہدایات یا پروگرامز کا مجموعہ ہے جو ہارڈ ویئر کو کام سرانجام دینے کے لیے راہنمائی فراہم کرتا ہے۔

سوفٹ ویئر کی اقسام(Types of Software):

سوفٹ ویئر کی بہت سی اقسام ہیں۔

(i) اس کی ایک قسم ورڈ پروسیسنگ ہے۔ جس کی مدد سے ہم کمپیوٹر پر خط وغیر لکھ سکتے ہیں۔

(ii) آپریٹنگ سسٹم(OS) ایسا سوفٹ ویئر ہے جو ہمارے کمپیوٹر اور اس سے منسلک ڈیوائسز کو منظم کرتا ہے۔

(iii) ونڈوز(Windows) یہ ایک مشہور آپریٹنگ سسٹم ہے۔

(iv) لینکس(Linux) یہ بھی ایک مشہور آپریٹنگ سسٹم ہے۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. **کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں انفارمیشن کا مطلب ہے:**
(الف) کوئی بھی ڈیٹا (ب) فالتو ڈیٹا (ج) پروسیسڈ ڈیٹا (د) زیادہ ڈیٹا

2. **سیٹلائٹ اور زمین کے درمیان مناسب اور زیادہ تیز کمیونیکیشن کا ذریعہ کون سا ہے:**
(الف) مائیکرو ویوز (ب) ریڈیو ویوز (ج) ساؤنڈ ویوز (د) کوئی بھی لائٹ ویوز

3. **کمپیوٹر کا بنیادی آپریشن ہے:**
(الف) ارتھ میٹک آپریشن (ب) نان ارتھ میٹک آپریشن (ج) لاجک آپریشن (د) الف اور ج دونوں

4. **کسی بھی کمپیوٹر سسٹم کا دماغ ہے:**
(الف) مونیٹر (ب) میموری (ج) CPU (د) کنٹرول یونٹ

5. **کون سا پروسیسنگ نہیں ہے؟**
(الف) ترتیب دینا (ب) جوڑتوڑ کرنا (ج) حساب کتاب کرنا (د) اکٹھا کرنا

6. **مندرجہ ذیل میں سے کس سے آپ ہر طرح کی انفارمیشن حاصل کر سکتے ہیں؟**
(الف) کتابیں (ب) استاد (ج) کمپیوٹر (د) انٹرنیٹ

7. **ای میل کس شے کا مخفف ہے؟**
(الف) ایمرجنسی میل (ب) الیکٹرونک میل (ج) ایکسٹرا میل (د) ایکسٹرنل میل

جوابات

1	ج	2	الف	3	د	4	ج	5	د
6	د	7	ب						

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات

باب: 18 اٹامک اینڈ نیوکلیئر فزکس

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 C_6^{12} میں نیوٹرونز کی تعداد ہے: [SGD-II,FSD-II,MTN-I,DGK-I]
(A) 18 (B) 12 (C) 6 (D) 2

.2 اسٹماسفیئر میں مختلف ریڈیو ایکٹو اشیا کی وجہ سے موجود ریڈی ایشنز کہلاتی ہیں: [BWP-II,MTN-I,GUJ-II]
(A) بیٹا ریڈی ایشنز (B) الفا ریڈی ایشنز (C) بیک گراؤنڈ ریڈی ایشنز (D) کاسمک ریڈی ایشنز

.3 بیٹا ڈی کے دوران نیوکلیان نمبر میں تبدیل ہوتی ہے۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) چار کم ہو جاتا ہے (B) چار بڑھ جاتا ہے (C) تبدیل نہیں ہوتا (D) دو کم ہو جاتا ہے

.4 لیڈ کی ہاف لائف ہے: [GUJ-II,SGD-I,MTN-II,DGK-I/II,BWP-I]
(A) 8.07 گھنٹے (B) 10.6 گھنٹے (C) 10.25 گھنٹے (D) 12.25 گھنٹے

.5 سورج کس عمل کے ذریعے انرجی خارج کرتا ہے؟ [GUJ-I,RWP-I,MTN-II,SGD-II,BWP-I]
(A) نیوکلیئر فشن کے ذریعے (B) نیوکلیئر فیوژن کے ذریعے
(C) گیسز کے جلنے کی وجہ سے (D) کیمیکل ری ایکشن کے ذریعے

.6 جب ایک بھاری نیوکلیس دو چھوٹے نیوکلیائی میں تقسیم ہوتا ہے تو اس عمل سے: [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]
(A) نیوکلیئر انرجی خارج ہوگی (B) نیوکلیئر انرجی جذب ہوگی (C) کیمیکل انرجی خارج ہوگی (D) کیمیکل انرجی جذب ہوگی

.7 سورج کے سینٹر کا ٹمپریچر تقریباً ______ ملین کیلون ہے۔ [LHR–II,GUJ-I/II,FSD-II,MTN-I,SGD-II,BWP-I]
(A) 20 (B) 30 (C) 40 (D) 50

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

18.1-18.3 ایٹم اور اٹامک نیوکلیس، نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی، بیک گراؤنڈ ریڈی ایشنز

.8 یورینیم کا ایک آئسوٹوپ $^{238}_{92}U$ ہے۔ اس آئسوٹوپ میں نیوٹرونز کی تعداد ہے: [MTN-II,DGK-I,SWL-II]
(A) 92 (B) 238 (C) 146 (D) 330

.9 جب ایک ایلیمنٹ ایک الفا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے اٹامک نمبر پر کیا اثر پڑے گا؟ [FSD-II,SGD-I,GUJ-I,BWP-II,SWL-I]
(A) ایک بڑھ جائے گا (B) کوئی فرق نہیں پڑے گا (C) دو کم ہو جائے گا (D) ایک کم ہو جائے گا

.10 آئسوٹوپس ایک ہی ایلیمنٹ کے ایسے ایٹمز ہوتے ہیں جن کا مختلف ہوتا ہے: [SGD-II,MTN-I,DGK-I]
(A) اٹامک ماس (B) اٹامک نمبر (C) پروٹون کی تعداد (D) الیکٹرونز کی تعداد

.11 ٹریٹیم H_1^3 میں نیوٹرونز کی تعداد ہے: [LHR-II,MTN-I,DGK-II]
(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

.12 درج ذیل میں سے کون سا آپشن زیادہ انرجی کے الیکٹرونز پر مشتمل ہے؟ [LHR-II,GUJ-I,SGD-II,MTN-II,RWP-I]
(A) الفا پارٹیکلز (B) بیٹا ریڈی ایشنز (C) گیما ریڈی ایشنز (D) پازیٹو آئنز

.13 آئسوٹوپس ایک ہی ایلیمنٹ کے ایسے ایٹمز ہوتے ہیں جن کا ______ مختلف ہوتا ہے۔ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]
(A) اٹامک ماس (B) اٹامک نمبر (C) پروٹونز کی تعداد (D) الیکٹرونز کی تعداد

.14 درج ذیل ریڈی ایشنز میں سے کس کی پینی ٹریٹنگ پاور زیادہ ہے؟ [BWP-II,MTN-I,FSD-II,SWL-I]
(A) بیٹا پارٹیکل (B) گیما ریز (C) الفا پارٹیکل (D) یہ سب

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/100079175269999 WHTSAPP:03406042418

15. بیٹا ڈی۔کے۔ کے دوران نیوکلیون نمبر میں تبدیلی ہوتی ہے:
[LHR-II,SGD-II,DGK-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II,SWL-I]
(A) چار کم ہو جاتا ہے (B) چار بڑھ جاتا ہے (C) تبدیل نہیں ہوتا (D) دو کم ہو جاتا ہے

18.4-18.6	نیوکلیئر ٹرانس موٹیشن، ہاف لائف اور اس کی پیمائش، ریڈیو آئسوٹوپس

16. درج ذیل ریڈی ایشنز میں سے کس کی پینی ٹریٹنگ پاور زیادہ ہوتی ہے؟
[DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]
(A) بیٹا پارٹیکل (B) گیما پارٹیکل
(C) الفا پارٹیکل (D) تمام کی پینی ٹریٹنگ صلاحیت ایک جیسی ہوتی ہے

17. کس تعلق سے اٹامک ماس نمبر معلوم کیا جا سکتا ہے؟
[RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) Z + A (B) Z + N (C) A + N (D) Z - A

18. آئیوڈین $^{131}_{53}I$ کی ہاف لائف ہے:
[GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]
(A) 10.5 دن (B) 8.07 دن (C) 12.5 دن (D) 16.9 دن

19. کاربن-14 کی ہاف لائف ہے:
[SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]
(A) 5730 سال (B) 123 سال (C) 7530 سال (D) 30 سال

20. $^{60}_{27}Co$ کے آئسوٹوپ کی ہاف لائف:
[GUJ-II,RWP-I,SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]
(A) 30 سال (B) 20 سال (C) 15 سال (D) 10 سال

21. آئسوٹوپ آئیوڈین-131 علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے:
[RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]
(A) خون کا کینسر (B) ہڈیوں کا کینسر (C) پھیپھڑوں کا کینسر (D) تھائی رائیڈ کینسر

22. $^{194}_{84}Po$ کی ہاف لائف کیا ہے؟
[RWP-I/II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]
(A) 0.8 سیکنڈز (B) 0.9 سیکنڈز (C) 0.7 سیکنڈز (D) 0.6 سیکنڈز

18.7,18.8	فشن ری ایکشن، نیوکلیئر فیوژن

23. سورج کس عمل کے ذریعے انرجی خارج کرتا ہے؟
[SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]
(A) نیوکلیئر فشن کے ذریعے (B) نیوکلیئر فیوژن کے ذریعے
(C) گیسز کے جلنے کی وجہ سے (D) کیمیکل ری ایکشن کے ذریعے

24. سورج کے مرکز پر ٹمپریچر ہے۔
[LHR-II,RWP-I,MTN-II,SGD-I,SWL-II]
(A) 20MK (B) 2MK (C) 24MK (D) 25MK

25. جب یورینیم (92 پروٹونز) بیٹا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے پروٹونز کی تعداد کتنی رہ جائے گی؟
[MTN-II,DGK-I/II,FSD-I,BWP-II,SWL-II]
(A) 89 (B) 90 (C) 93 (D) 91

26. جب U-92 سے ایک بیٹا پارٹیکل خارج ہوتا ہے تو نیوکلیس میں باقی کتنے پروٹونز رہ جاتے ہیں؟
[LHR-II,GUJ-I/II,RWP-I,MTN-II,DGK-II]
(A) 93 (B) 89 (C) 91 (D) 90

27. ایک ٹن کوئلہ کو جلانے سے ______ انرجی حاصل ہوتی ہے۔
[LHR-II,RWP-II,FSD-I,MTN-I/II,DGK-II]
(A) $0.6 \times 10^{10}J$ (B) $1.6 \times 10^{10}J$ (C) $2.6 \times 10^{10}J$ (D) $3.6 \times 10^{10}J$

28. ایک کلو یورینیم-235 کے فشن ری ایکشن سے انرجی ملتی ہے:
[LHRI/II,GUJ-I,FSD-II,RWP-II,MTN-I,SWL-I/II]
(A) 4.7×10^{11} J (B) 5.7×10^{11} J (C) 6.7×10^{11} J (D) 7.7×10^{11} J

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

جوابات

A	10	C	9	C	8	A	7	A	6	B	5	B	4	C	3	C	2	C	1
A	20	A	19	B	18	B	17	B	16	C	15	B	14	A	13	C	12	A	11
				C	28	D	27	A	26	C	25	A	24	B	23	C	22	D	21

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

[MTN-II,DGK-I,SGD-I]

.1 اٹیمی نمبر اور اٹیمی ماس میں کیا فرق ہے؟

جواب: **اٹیمی نمبر (Atomic Number):** ''نیوکلیئس میں موجود پروٹونز کی تعداد کو چارج نمبر یا اٹاٹک نمبر یا الیکٹرونز کہا جاتا ہے اور اسے حرف Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔''

ماس نمبر (Mass Number): ''نیوکلیئس میں موجود نیوکلیونز کی تعداد (پروٹونز اور نیوٹرونز کی مجموعی تعداد) کو اٹاٹک ماس نمبر کہا جاتا ہے اور اسے حرف A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔''

[SGD-I,MTN-II,FSD-I/II,BWP-II]

.2 گیما ریڈی ایشنز کی دو خصوصیات بیان کیجئے۔

جواب: **خصوصیات:** i۔ روشنی کے ذراتی نظریہ کے مطابق، گیما ریز روشنی کی سپیڈ سے چلنے والے انرجی کے پیکٹس یعنی فوٹونز ہیں۔

ii۔ روشنی کے موجی نظریہ کے مطابق گیما ریز ایسی الیکٹرومیگنیٹک ویوز ہیں جو غیر قیام پذیر نیوکلیائی سے خارج ہوتی ہیں اور ان کی فریکوئنسی زیادہ جبکہ ویولینتھ کم ہوتی ہے۔

[DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]

.3 ریڈی ایشن پینی ٹریٹنگ پاور کی تعریف کیجئے۔

جواب: ''کسی مخصوص میٹیریل میں سے ریڈی ایشن کے گزرنے کی صلاحیت کو اُن کی پینی ٹریٹنگ پاور کہتے ہیں۔''

[LHR-II,GUJ-I,RWP-II,FSD-I,BWP-II]

.4 الفا ڈی کے سے کیا مراد ہے؟ اس کی جنرل مساوات تحریر کیجئے۔

جواب: **الفا ڈی کے:** ایسا نیوکلیئر ری ایکشن ہے جس میں نیوکلیئس میں سے الفا پارٹیکل حاصل ہو۔

جنرل مساوات:

$$^{A}_{Z}X \longrightarrow {}^{A-4}_{Z-2}X + {}^{4}_{2}He + \text{انرجی} + \alpha\text{-partical}$$

پیرنٹ نیوکلیائڈ ڈاٹر نیوکلیائڈ α۔ پارٹیکل

[LHR-II,FSD-II,MTN-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I/II]

.5 آرٹی فیشل ریڈیو ایکٹیویٹی سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسے ایلیمنٹ جن کا اٹیمی نمبر 82 سے کم ہوتا ہے وہ قدرتی طور پر ریڈی ایشن خارج نہیں کرتے لیکن جب ان پر نیوٹرون مارے جائیں تو وہ ریڈی ایشن خارج کرتے ہیں اس کو آرٹی فیشل ریڈیو ایکٹیویٹی کہا جاتا ہے۔

[LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

.6 گیما ریز کی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب: **گیما ریز کی خصوصیات:** (i) یہ بہت کم ویولینتھ کی الیکٹرونک شعاعیں ہیں۔

(ii) گیما ریز کم از کم 30cm لیڈ یا 2 کلومیٹر ہوا کی تہ میں سے گزر سکتی ہے۔

[FSD-II,RWP-I,DGK-II,SGD-I/II,BWP-II]

.7 ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹس کی تعریف کیجئے۔

جواب: ایسے ایلیمنٹس جن کا اٹاٹک نمبر 82 سے زیادہ ہو وہ قدرتی طور پر غیر قیام پذیر ہوتے ہیں۔ ان ایلیمنٹس کے قدرتی طور پر ٹوٹ کر ڈاٹر ایلیمنٹس میں تبدیل ہونے کے عمل کو نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی کہا جاتا ہے اور ایسے ایلیمنٹس کو ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹس کہتے ہیں۔ ریڈیو ایکٹیویٹی ایک رینڈم یعنی بے ترتیب انداز سے ہونے والا عمل ہے جو جگہ اور وقت پر انحصار نہیں کرتا۔ مثلاً: گریڈیم اور پلونیم۔

[LHR-II,GUJ-II,RWP-I,MTN-II]

.8 نیوکلیئر فیوژن کی تعریف کیجئے۔

جواب: ''ایسا عمل جس میں دو چھوٹے نیوکلیائی مل کر ایک بھاری نیوکلیئس بناتے ہیں، نیوکلیئر فیوژن کہلاتا ہے۔''

مثال: اگر ایک ڈیوٹریم اور ایک ٹریٹیم کے ایٹمز کو آپس میں ملایا جائے تو نیوکلیئر فیوژن ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے۔ جس کے نتیجے میں ہیلیم کا نیوکلیئس اور الفا پارٹیکل بنتا ہے۔

$$^{2}_{1}H + {}^{3}_{1}H \rightarrow {}^{4}_{2}He + {}^{1}_{0}n + Energy$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP:03406042418

2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020

18.1-18.3 | ایٹم اوراٹامک نیوکلیس، نیچرل ریڈیوایکٹیویٹی، بیک گراؤنڈ ریڈی ایشنز

.9 کاربن ڈیٹنگ کی تعریف کیجئے۔ [GUJ-I/II,FSD-I,MTN-I,RWP-II,SGD-I,SWL-II]

جواب: زندہ اور مردہ انسان، جانور یا پودے میں کاربن - 14 کی ایکٹیویٹی کا موازنہ کر کے اس کی عمر کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کو کاربن ڈیٹنگ کہتے ہیں۔

.10 آئسوٹوپس کی تعریف کیجیے۔ [RWP-II,DGK-I,SGD-II,MTN-I/II,BWP-I]

جواب: ''کسی ایلیمنٹ کے ایسے ایٹمز جن کا اٹامک نمبر یکساں ہو لیکن ان کے نیوکلیس میں موجود نیوٹرونز کی تعداد مختلف ہو، آئسوٹوپس کہلاتے ہیں۔''

مثال کے طور پر ہائیڈروجن کے تین آئسوٹوپس ہیں۔ (i) پروٹیم (ii) ڈیوٹریم (iii) ٹریٹیم

.11 نیچرل اور آرٹی فیشل ریڈیو ایکٹیویٹی میں کیا فرق ہے؟ [LHR-I,GUJ-I,RWP-II,FSD-I,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

جواب:

نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی	آرٹی فیشل ریڈیو ایکٹیویٹی
ایسے عناصر جن کا اٹیمی نمبر 82 یا اس سے زیادہ ہوتا ہے وہ خود بخود ریڈی ایشن خارج کرتے ہیں اس عمل کو نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی کہا جاتا ہے۔	ایسے ایلیمنٹ جن کا اٹیمی نمبر 82 سے کم ہوتا ہے وہ قدرتی طور پر ریڈی ایشن خارج نہیں کرتے لیکن جب ان پر نیوٹرون مارے جائیں تو وہ ریڈی ایشن خارج کرتے ہیں اس کو آرٹی فیشل ریڈیو ایکٹیویٹی کہا جاتا ہے۔

.12 الفا پارٹیکل اور گیمارے فوٹان کی پینی ٹریٹنگ پاور لکھیں۔ [RWP-II,SGD-II]

جواب: پینی ٹریٹنگ صلاحیت: کسی مخصوص میٹیریل میں سے ریڈی ایشن کے گزرنے کی صلاحیت کو پینی ٹریٹنگ پاور کہتے ہیں۔

الفا پارٹیکلز (α): الفا پارٹیکلز کی رینج سب سے کم ہوتی ہے۔ کیونکہ ان پارٹیکلز کی آئیونائزنگ پاور یا اِنٹرا ایکشن پاور سب سے زیادہ ہے۔

گیما ریڈی ایشنز (γ): گیما ریڈی ایشنز کنکریٹ کی موٹی تہ میں سے با آسانی گزر جاتی ہیں۔ اس کی وجہ گیما ریڈی ایشنز کی زیادہ سپیڈ اور نیوٹرل ہونا ہے۔

.13 ہائیڈروجن کے تین آئسوٹوپس تحریر کیجئے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: i- پروٹیم: پروٹیم (^1_1H) میں نیوکلیس کے اندر ایک پروٹون جبکہ ایک الیکٹرون اس کے نیوکلیس کے گرد حرکت کرتا ہے۔

پروٹیم (^1_1H)

ii- ڈیوٹریم: ڈیوٹریم (^2_1H) میں ایک پروٹون، ایک نیوٹرون اور ایک الیکٹرون ہوتا ہے۔

ڈیوٹریم (^2_1H)

iii- ٹریٹیم: ٹریٹیم (^3_1H) ایک پروٹون، دو نیوٹرونز ایک الیکٹرون پر مشتمل ہوتا ہے۔

ٹریٹیم (^3_1H)

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

[GUJ-II,RWP-I,FSD-I,MTN-II,SWL-I]

14. اٹامک نمبر اور نیوٹرون نمبر میں فرق کیجیے۔

جواب:

اٹامک نمبر	نیوٹرون نمبر
نیوکلیس میں موجود پروٹونز کی تعداد کو چارج نمبر یا اٹامک نمبر بھی کہا جاتا ہے اور اسے حرف Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔	نیوکلیس میں موجود نیوٹرونز کی تعداد کو نیوٹرون نمبر کہا جاتا ہے اور اسے حرف N سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

[LHR-I,RWP-II,DGK-I,SWL-I/II]

15. بیک گراؤنڈ ریڈی ایشنز کی وجوہات لکھیے۔

جواب: ہمارے سطح زمین پر ہر جگہ پتھروں، مٹی، پانی اور ہوا میں ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹس کے آثار پائے جاتے ہیں۔ نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی کی وجہ سے موجود یہ ریڈی ایشنز بیک گراؤنڈ ریڈی ایشن کہلاتی ہیں۔ اس کا ہمارے ماحول میں اتنا ہی حصہ ہے جتنا سورج کی روشنی اور بارش کا۔ خوش قسمتی سے ہمارا جسم ان ریڈی ایشنز کو برداشت کر سکتا ہے۔ تاہم جہاں ریڈی ایشنز کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے وہاں یہ صحت کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔

[FSD-II,DGK-I,SWL-II]

16. نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی کی تعریف کیجیے۔

جواب: ''نیچرل ریڈیو ایکٹیویٹی ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے غیر قیام پذیر نیوکلیائی سے قدرتی طور پر خود بخود ریڈی ایشنز خارج ہوتی رہتی ہیں۔''

[RWP-II,DGK-I,SGD-II]

17. بیٹا پارٹیکلز کی کوئی سی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب: بیٹا پارٹیکل کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

i۔ بیٹا ریڈی ایشن زیادہ انرجی کے الیکٹرونز پر مشتمل ہوتی ہیں۔

ii۔ ایسے غیر قیام پذیر نیوکلیائی جن میں نیوٹرونز کی تعداد زیادہ ہو، بیٹا ریڈی ایشنز خارج کرتے ہیں۔

iii۔ بیٹا پارٹیکلز میں گیس کے مالیکیولز کو آئیونائز کرنے کی صلاحیت الفا پارٹیکلز سے زیادہ ہوتی ہے۔

[LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

18. ریڈیم (Radium) $^{226}_{88}Ra$ سے الفا ڈی کے عمل کو مساوات سے ظاہر کیجیے۔

جواب:

$$^{226}_{88}Ra \longrightarrow\ ^{222}_{86}Rn + ^{4}_{2}He + \text{انرجی}$$

ریڈیم ریڈون α-پارٹیکل

[GUJ-II,DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

19. الفا (α) ریڈی ایشنز کی چار خصوصیات لکھیے۔

جواب: (i) الفا پارٹیکلز دراصل ہیلیم (Helium) کے نیوکلیائی ہیں۔ یہ دو پروٹونز اور دو نیوٹرونز پر مشتمل ہوتے ہیں۔

(ii) الفا پارٹیکلز میں گیس کو آئیونائز کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔

(iii) یہ بہت زیادہ سپیڈ سے خارج ہوتے ہیں۔ (iv) ان کی رینج گیس میں چند سینٹی میٹر سے زیادہ نہیں ہوتی۔

[GUJ-I/II,RWP-IO,FSD-II]

20. ریڈیو ایکٹیویٹی کس نے دریافت کی؟

جواب: ہنری بیکورل نے 1896ء میں ریڈیو ایکٹیویٹی دریافت کی۔

21. نیوکلائیڈ جس کی علامت $^{13}_{6}X$ سے ظاہر کیا گیا ہے اس میں پروٹونز اور نیوٹرونز کی تعداد معلوم کریں۔

[RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

حل: علامت سے ظاہر ہے کہ:

پروٹونز کی تعداد = اٹامک نمبر = 6

نیوٹرونز کی تعداد + پروٹونز کی تعداد = اٹامک ماس = 13

لیکن پروٹونز کی تعداد 6 ہے، اس لیے نیوٹرونز کی تعداد 7 ہوگی۔

یہ ایلیمنٹ کاربن-6 کا آئسوٹوپ ہے اور اس کو $^{13}_{6}C$ لکھا جاتا ہے۔

[LHR-I,GUJ-II,RWP-I/II,DGK-II,FSD-I,MTN-I,BWP-I]

22. اٹامک ماس نمبر کی تعریف کیجیے۔

جواب: **اٹامک ماس نمبر (Mass Number):** ''نیوکلیس میں موجود نیوکلیونز کی تعداد (پروٹونز اور نیوٹرونز کی مجموعی تعداد) کو اٹامک ماس نمبر کہا جاتا ہے اور اسے حرف A سے ظاہر کیا جاتا ہے جس کو لکھا جاتا ہے''

$$A = Z + N$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP:03406042418

23. کاسمک ریڈی ایشنز پر نوٹ لکھیے۔ [GUJII,FSD-I,DGK-I/II]

جواب: **کاسمک ریڈی ایشنز (Cosmic Radiations):** زمین اور اس پر بسنے والی تمام جاندار چیزیں بیرونی خلا سے بھی ریڈی ایشنز حاصل کرتی ہیں۔ ان ریڈی ایشنز کو کاسمک ریڈی ایشنز بھی کہتے ہیں جو ابتدائی طور پر پروٹونز، الیکٹرونز، الفا پارٹیکلز اور بڑے نیوکلیائی پر مشتمل ہوتی ہیں۔ کاسمک ریڈی ایشنز جب ایٹماسفیر میں موجود ایٹمز سے ٹکراتی ہیں تو سیکنڈری ریڈی ایشنز پیدا ہوتی ہیں۔ ان سیکنڈری ریڈی ایشنز میں X-ریز، پروٹونز، میوونز (Muons)، الفا پارٹیکلز، الیکٹرونز اور نیوٹرونز شامل ہیں۔

18.4-18.6	نیوکلیئر ٹرانس موٹیشن، ہاف لائف اور اس کی پیمائش، ریڈیو آئسوٹوپس

24. نیوکلیئر ٹرانس موٹیشن کی تعریف کیجیے۔ [RWP-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: **نیوکلیئر ٹرانس موٹیشن:** ایسا طبعی مظہر جس میں پیرنٹ ایلیمنٹ غیر قیام پذیر نیوکلیائڈ قیام پذیر ڈاٹر نیوکلیائڈ میں تبدیل ہو جائے نیوکلیئر ٹرانس موٹیشن کہلاتا ہے۔

25. پیرنٹ اور ڈاٹر ایلیمنٹس میں کیا فرق ہے؟ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب:

پیرنٹ	ڈاٹر
ایسے ایلیمنٹس جن سے ریڈی ایشنز خارج ہوتی ہیں، پیرنٹ ایلیمنٹس کہلاتا ہیں۔	ایسے ایلیمنٹس جو پیرنٹ ایلیمنٹس سے حاصل ہوتے ہیں انہیں ڈاٹر ایلیمنٹس کہتے ہیں۔

26. فوٹون کیا چیز ہے؟ [MTN-II,FSD-I/II,DGK-II,RWP-I,SGD-I]

جواب: روشنی کے ذراتی نظریہ کے مطابق روشنی کی سپیڈ سے چلنے والے انرجی کے پیکٹس فوٹونز کہلاتے ہیں۔

27. آئیونائزیشن کی تعریف کیجیے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

جواب: ایسا مظہر جس میں ریڈی ایشنز پوزیٹیو آئنز اور نیگیٹیو آئنز میں تبدیل ہو جائیں آئیونائزیشن کہلاتا ہے۔

28. ریڈیو ایکٹو ایلیمنٹ کی ہاف لائف سے کیا مراد ہے؟ [RWP-II,DGK-II,FSD-I,MTN-I/II,BWP-I]

جواب: وہ وقت جس کے دوران غیر قیام پذیر ریڈیو ایکٹیو نیوکلیائی کی آدھی تعداد ٹوٹ کر قیام پذیر نیوکلیائی میں تبدیل ہو جاتی ہے، ہاف لائف کہلاتا ہے۔
مختلف ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹس کی ہاف لائف ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ریڈیم-226 کی ہاف لائف 1620 سال ہے، جس کا مطلب ہے کہ 1620 سال کے بعد اس کے آدھے نیوکلیائی ڈاٹر ایلیمنٹس میں تبدیل ہو جائیں گے۔ اس سے اگلے 1620 سالوں کے دوران باقی ماندہ نیوکلیائی میں سے مزید آدھے نیوکلیائی ٹوٹ جائیں گے۔ دو ہاف لائف کے بعد ریڈیم کے اصل نیوکلیائی کا صرف ایک چوتھائی حصہ باقی رہ جائے گا اور اس طرح یہ عمل جاری رہے گا۔



ریڈیم کی ریڈیو ایکٹیویٹی کا گراف

29. ریڈیو آئسوٹوپس کے دو استعمالات بیان کیجیے۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-II,SWL-II]

جواب: i۔ ریڈیو آئسوٹوپس انسان کے جسم، جانوروں اور پودوں میں کیمیکل ری ایکشن کے میٹابولزم (metabolism) کی نوعیت معلوم کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

ii۔ دماغ میں رسولی کی نشاندہی کے لیے فاسفورس-32 استعمال کیا جاتا ہے۔ جسم کا متاثرہ حصہ آئسوٹوپس کی زیادہ مقدار جذب کرتا ہے جس سے متاثرہ حصے کا پتہ چلانے میں مدد ملتی ہے۔

30. ریڈیو آئسوٹوپس کے تحقیق میں دو استعمالات بیان کریں۔ / ریڈیو آئسوٹوپس کا بطور ٹریسر استعمال لکھیں۔ [LHRI/II,FSD-II,SGD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: i۔ ریڈیو آئسوٹوپس زراعت کے شعبہ میں ریڈیو فاسفورس-32 کو یہ جاننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ پودا کتنی مقدار میں فاسفیٹ کھاد کو

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

جذب کرتا ہے جو ان کی نشوونما کے لیے ایک اہم جزو ہے۔

ii۔ یہ میڈیسن، صنعت اور زراعت کے شعبہ میں ٹریسر کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر آیوڈین-131 تھائیورائیڈ گلینڈز میں با آسانی ذخیرہ ہو جاتی ہے اور اس کی مدد سے تھائیورائیڈ گلینڈز کی مونیٹرنگ کی جاتی ہے۔ دماغ میں رسولی کی نشاندہی کے لیے فاسفورس-32 استعمال کیا جاتا ہے۔ جسم کا متاثرہ حصہ آئسوٹوپس کی زیادہ مقدار جذب کرتا ہے جس سے متاثرہ حصے کا پتہ چلانے میں مدد ملتی ہے۔

31. ٹریسرز سے کیا مراد ہے؟ [FSD-II,SGD-I,BWP-II]

جواب: ''ریڈیو ایکٹیو ٹریسرز ایسے کیمیکل کمپاؤنڈز ہیں جن میں ریڈیو آئسوٹوپس کی کچھ مقدار پائی جاتی ہے۔''

32. سائنسدان کاربن-14 سے مردہ درختوں کی عمر کا اندازہ کیسے لگاتے ہیں؟ [FSD-II,DGK-II]

جواب: ریڈیو ایکٹیو آئسوٹوپس کے استعمال سے قدیم مردہ جانور اور پودے کی عمر کا اندازہ لگا نا جب پودے مر جاتے ہیں تو ان میں موجود ریڈیو ایکٹیو کاربن-14 کے ٹوٹنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔ کاربن-14 کی ہاف لائف 5730 سال ہے۔ زندہ اور مردہ پودے میں کاربن-14 کی ایکٹیویٹی کا موازنہ کر کے اس کی عمر کا تعین کیا جاتا ہے۔ زندہ پودے میں کاربن-14 کی ایکٹیویٹی قریباً مستقل رہتی ہے جبکہ مردہ پودے میں اس کی ایکٹیویٹی مستقل نہیں ہوتی۔ لہٰذا سائنس دان قدیم اشیا کی ایکٹیویٹی میں پیمائش کر کے ان کی عمر کا تعین کر سکتے ہیں۔

33. ریڈیو آئسوٹوپس کا میڈیکل ٹریٹمنٹ بیان کیجیے۔ [SGD-I,DGK-II,MTN-I]

جواب: میڈیکل ٹریٹمنٹ میں ریڈیو ایکٹیو آئسوٹوپس کا استعمال:

(i) مختلف بیماریوں کے علاج کے لیے ریڈیو آئسوٹوپس، نیوکلیئر میڈیسن کے طور پر بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ریڈیو ایکٹیو کوبالٹ-60 کینسر زدہ سیلز اور ٹیومر (tumour) کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ریڈی ایشنز مریض میں کینسر زدہ سیلز اور ٹیومر کو تباہ کر دیتی ہیں۔

(ii) ریڈیو آئسوٹوپس کو بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے لیے ہسپتالوں میں استعمال کیا جا رہا ہے۔

آیوڈین-131: تھائیورائڈ گلینڈز میں با آسانی ذخیرہ ہو جاتی ہے اور اس کی مدد سے تھائیورائڈ گلینڈز کی مونیٹرنگ کی جاتی ہے۔

فاسفورس-32: دماغ میں رسولی کی نشاندہی کے لیے فاسفورس-32 استعمال کیا جاتا ہے۔ جسم کا متاثرہ حصہ آئسوٹوپس کی زیادہ مقدار جذب کرتا ہے جس سے متاثرہ حصے کا پتہ چلانے میں مدد ملتی ہے۔

18.7,18.8	فشن ری ایکشن، نیوکلیئر فیوژن

34. فشن ری ایکشن کی تعریف کیجیے۔ [LHR-I,GUJ-II,RWP-II]

جواب: کسی بھاری نیوکلیس کا قریباً دو برابر ماس کے نیوکلیائی میں ٹوٹنا جس سے بہت زیادہ انرجی خارج ہو، فشن ری ایکشن کہلاتا ہے۔

مثال کے طور پر اگر یورینیم کے بھاری نیوکلیس (U-235) پر سست رفتار کی بوچھاڑ کی جائے تو یورینیم کا نیوکلیس سست رفتار نیوٹرونز کو جذب کر کے دو چھوٹے نیوکلیائی میں ٹوٹ جاتا ہے یہ ری ایکشن نیوکلیئر فشن ری ایکشن کہلاتا ہے۔



یورینیم-235 میں نیوکلیئر فشن ری ایکشن

35. فشن ری ایکشن اور فیوژن ری ایکشن میں فرق تحریر کیجیے۔ [LHR-I,DGK-I,SWL-II,MTN-II,SGD-I/II]

جواب:

فشن ری ایکشن	فیوژن ری ایکشن
ایسا عمل جس میں کسی بھاری نیوکلیس کا قریباً دو برابر ماس کے نیوکلیائی میں ٹوٹنا جس سے بہت زیادہ انرجی خارج ہو، فشن ری ایکشن کہلاتا ہے۔	ایسا عمل جس میں سے دو چھوٹے نیوکلیائی مل کر ایک بڑا نیوکلیس بناتے ہیں، فیوژن ری ایکشن کہلاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

36. **نیوکلیئر فشن ری ایکشن کی تعریف کیجیے اور اس کی مساوات لکھیے۔** [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: نیوکلیئر فشن (Nuclear Fission): ایسا عمل جس میں کسی بھاری نیوکلیئس کا قریباً دو برابر ماس کے نیوکلیائی میں ٹوٹنا جس سے بہت زیادہ انرجی خارج ہو، فشن ری ایکشن کہلاتا ہے۔



اس ری ایکشن کو درج ذیل مساوات سے ظاہر کیا جا سکتا ہے:

$$^{1}_{0}n + {}^{235}_{92}U \longrightarrow {}^{236}_{92}U \longrightarrow$$ + نیوٹرونز

سست نیوٹرون	قیام پذیر یورینیم	غیر قیام پذیر یورینیم	ڈاٹر نیوکلیائیڈز

(U-236) یورینیم کی درمیانی حالت ہے جو غیر قیام پذیر ہے اور یہ چند سیکنڈز تک برقرار رہتی ہے۔ کچھ سیکنڈز کے بعد U-236 ٹوٹ کر دو چھوٹے نیوکلیائی X اور Y میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

37. **U-235 میں فشن چین ری ایکشن کو تصویر کی مدد سے ظاہر کریں۔** [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-I/II,SWL-II]

جواب:

$$^{1}_{0}n + {}^{235}_{92}U \longrightarrow {}^{236}_{92}U^{*} \longrightarrow X + Y +$$ نیوٹرون

سست نیوٹرون | قیام پذیر یورینیم | غیر قیام پذیر یورینیم | ڈاٹر نیوکلیائیڈز



انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: اٹامک نمبر اور ماس نمبر میں کیا فرق ہے؟ نیوکلیئس کو علامتی طور پر کیسے ظاہر کرتے ہیں؟ [LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

جواب: اٹامک نمبر (Atomic Number): ''نیوکلیئس میں موجود پروٹونز کی تعداد کو چارج نمبر یا اٹامک نمبر بھی کہا جاتا ہے اور اسے حرف Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔''

ماس نمبر (Mass Number): ''نیوکلیئس میں موجود نیوکلیونز کی تعداد (پروٹونز اور نیوٹرونز کی مجموعی تعداد) کو اٹامک ماس نمبر کہا جاتا ہے اور اسے حرف A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔''

حسابی طور پر $A = Z + N$

نیوکلیئس کا علامتی اظہار (Symbolic Representation of Nucleus)

عام طور پر ایٹم کو علامت $^{A}_{Z}X$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہائیڈروجن کے ایسے نیوکلیائیڈز جن کے نیوکلیئس میں صرف ایک پروٹون ہوتا ہے انہیں علامت $^{1}_{1}H$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: مثال سے واضح کریں کہ آیا نیوکلیئر ڈی کے (Nuclear-ecay) کے دوران اٹامک نمبر بڑھ سکتا ہے؟

جواب: بیٹا ڈی کے (Beta Decay)

بیٹا نیوکلیئر ڈی کے دوران پیرنٹ نیوکلیئس کا اٹامک نمبر Z بڑھ جاتا ہے۔ اس پروسیس کی جنرل مساوات اور ایک مثال نیچے دی گئی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP 03406042418

جنرل مساوات:

$$^{A}_{Z}X \longrightarrow {}^{A}_{Z+1}Y + {}^{0}_{-1}\beta + \text{انرجی}$$

پیرنٹ ڈاٹر β-پارٹیکل

نیوکلیائڈ نیوکلیائڈ

مثال:

$$^{13}_{6}C \longrightarrow {}^{13}_{7}N + {}^{0}_{-1}\beta + \text{انرجی}$$

کاربن نائٹروجن β-پارٹیکل

اس مثال میں ہم دیکھتے ہیں کہ بیٹا ڈی کے (beta-decay) کے دوران پیرنٹ نیوکلیئس کاربن کا اٹامک نمبر 6 سے ایک بڑھ کر 7 ہوگیا ہے جبکہ کاربن کے ماس نمبر 13 میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. آئسوٹوپس ایک ہی ایلیمنٹ کے ایسے ایٹمز ہوتے ہیں جن کا مختلف ہوتا ہے:
(الف) اٹامک ماس (ب) اٹامک نمبر (ج) پروٹونز کی تعداد (د) الیکٹرونز کی تعداد

2. یورینیم کا ایک آئسوٹوپ $^{238}_{92}U$ ہے۔ اس آئسوٹوپ میں نیوٹرونز کی تعداد ہے:
(الف) 92 (ب) 146 (ج) 238 (د) 330

3. درج ذیل ریڈی ایشنز میں سے کس کی پینی ٹریٹنگ پاور زیادہ ہے؟
(الف) بیٹا پارٹیکل (ب) گیما ریز
(ج) الفا پارٹیکل (د) تمام کی مادے سے گزرنے کی صلاحیت ایک جیسی ہوتی ہے

4. جب ایک ایلیمنٹ ایک الفا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے اٹامک نمبر پر کیا اثر پڑے گا؟
(الف) ایک بڑھ جائے گا (ب) کوئی فرق نہیں پڑے گا (ج) دو کم ہو جائے گا (د) ایک کم ہو جائے گا

5. ایک مخصوص آئسوٹوپ کی ہاف لائف ایک دن ہے۔ دو دن گزر جانے کے بعد اس کے آئسوٹوپ کی مقدار کتنی ہوگی؟
(الف) آدھی رہ جائے گی (ب) ایک چوتھائی (ج) $\frac{1}{8}$ (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

6. جب یورینیم (92 پروٹونز) بیٹا پارٹیکل خارج کرتا ہے تو اس کے پروٹونز کی تعداد کتنی رہ جائے گی؟
(الف) 90 (ب) 91 (ج) 92 (د) 93

7. سورج کس عمل کے ذریعے انرجی خارج کرتا ہے؟
(الف) نیوکلیئر فشن کے ذریعے (ب) نیوکلیئر فیوژن کے ذریعے
(ج) گیسز کے جلنے کی وجہ سے (د) کیمیکل ری ایکشن کے ذریعے

8. جب ایک بھاری نیوکلیئس دو چھوٹے نیوکلیائی میں تقسیم ہو جاتا ہے تو اس عمل سے:
(الف) نیوکلیئر انرجی خارج ہوگی (ب) نیوکلیئر انرجی جذب ہوگی
(ج) کیمیکل انرجی خارج ہوگی (د) کیمیکل انرجی جذب ہوگی

9. کاربن ڈیٹنگ کس اصول پر کام کرتی ہے؟
(الف) پودے اور جانور کاربن-14 خارج کرتے ہیں
(ب) جب پودے اور جانور مرتے ہیں تو یہ تازہ کاربن-14 کا استعمال ترک کر دیتے ہیں
(ج) ہوا میں نان ریڈیو ایکٹیو کاربن کی بڑی مقدار موجود ہے
(د) جب پودے اور جانور مرتے ہیں تو یہ تازہ کاربن-14 جذب کرتے ہیں

جوابات

1	الف	2	ب	3	ب	4	ج	5	ب
6	د	7	ب	8	الف	9	الف		

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

ٹیکسٹ بک کی حل شدہ مثالیں

مثال نمبر 18.1: ایک نیوکلیائڈ جس کو علامت $^{13}_{6}X$ سے ظاہر کیا گیا ہے، اس میں پروٹونز اور نیوٹرونز تعداد معلوم کریں۔

حل

پروٹونز کی تعداد = اٹامک نمبر (Z) = 6

پروٹونز کی تعداد + نیوٹرونز کی تعداد = اٹامک ماس نمبر (A) = 13

لیکن پروٹونز کی تعداد 6 ہے، اس لیے نیوٹرونز کی تعداد 7 ہوگی۔

اس لیے یہ ایلیمنٹ کاربن-6 کا آئسوٹوپ ہے اور اس کا نام $^{13}_{6}C$ ہے۔

مثال نمبر 18.2: اگر 15 دنوں کے بعد ریڈیو ایکٹیو بسمتھ کے ایٹمز کی تعداد اصل ایٹمز کا $\frac{1}{8}$ گنا رہ جائے تو بسمتھ کی ہاف لائف $(T_{1/2})$ معلوم کریں۔

حل

فرض کریں بسمتھ کی ہاف لائف = $T_{1/2}$

بسمتھ کے اصل ایٹمز کی تعداد = A_0

ایک ہاف لائف کے بعد بسمتھ کے باقی ایٹمز کی تعداد = $\frac{A_0}{2}$

دو ہاف لائف کے بعد بسمتھ کے باقی ایٹمز کی تعداد = $\frac{A_0}{4}$

تین ہاف لائف کے بعد بسمتھ کے باقی ایٹمز کی تعداد = $\frac{A_0}{8}$

اس کا مطلب ہے کہ بسمتھ کی ایکٹیویٹی تین ہاف لائف کے بعد ابتدائی ایکٹیویٹی سے $\frac{1}{8}$ گنا کم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا۔

Formula:

کل وقت = ہاف لائف × ہاف لائف کی تعداد

15 = ہاف لائف × ہاف لائف کی تعداد

$$3\times T_{1/2} = 15$$

$$T_{1/2} = \frac{15}{3} = 5 \text{ دن}$$

لہٰذا بسمتھ کی ہاف لائف 5 دن ہے۔

مثال نمبر 18.3: ایک ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹ کی ہاف لائف 40 منٹ ہے۔ ابتدائی کاؤنٹ ریٹ 1000 کاؤنٹ فی منٹ ہے۔ مندرجہ ذیل کاؤنٹ فی منٹ ہے۔ مندرجہ ذیل کاؤنٹ ریٹ حاصل کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا؟

(a) 250 کاؤنٹ فی منٹ (b) 125 کاؤنٹ فی منٹ

(c) ایلیمنٹ کی ایکٹیویٹی کا گراف بنائیں

حل: ابتدائی کاؤنٹ ریٹ = 1000 کاؤنٹ فی منٹ

اس لیے

$$1000 \xrightarrow{40min} 500 \xrightarrow{40min} 250 \xrightarrow{40min} 125$$

(a) لہٰذا کاؤنٹ ریٹ کو 1000 کاؤنٹ فی منٹ سے 250 کاؤنٹ فی منٹ 125 کاؤنٹ فی منٹ تک ہونے کے لیے دو ہاف لائف کا وقت درکار ہوگا۔

پس درکار وقت $= 2\times T_{1/2} = 2\times 40 =$ 80 منٹ

(b) کاؤنٹ ریٹ کو 1000 کاؤنٹ فی منٹ تک کم ہونے کے لیے تین ہاف لائف کا وقت درکار ہوگا۔

لہٰذا درکار وقت $= 3\times T_{1/2} = 3\times 40 =$ 120 منٹ

(c) مطلوبہ گراف شکل میں دکھایا گیا ہے۔



مثال نمبر 18.4: ایک فوسل کی ہڈی میں C-14 اور C-12 کی نسبت زندہ جانور کی ہڈی میں اس نسبت کا $\frac{1}{4}$ گنا ہے۔ اگر C-14 کی ہاف لائف 5730 سال ہو تو فوسل کی ہڈی کی عمر تقریباً کتنی ہوگی؟

حل: فوسل کی عمر = ہاف لائف × ہاف لائف کی تعداد

لہٰذا فوسل کی عمر $= 2\times 5730 =$ 11460 سال

نمیریکلز

سوال 18.1: $^{16}_{7}N$ کی ہاف لائف 7.3 سیکنڈ ہے۔ نائٹروجن کے اس نیوکلیائڈ کا 29.2 سیکنڈ کے لیے مشاہدہ کیا گیا۔ $(^{16}_{7}N)$ کی اصل مقدار کا کتنا حصہ 29.2 سیکنڈ کے بعد باقی رہ جائے گا؟

حل

$(^{16}_{7}N)$ ہاف لائف = 7.3s

کل وقت = 29.2s

اصل مقدار = N_0

اصل مقدار کا باقی = ?

$$N_0 \xrightarrow[\text{1st(H.L)}]{7.3} \frac{N_0}{2} \xrightarrow[\text{2nd(H.L)}]{14.6} \frac{N_0}{4} \xrightarrow[\text{3rd(H.L)}]{21.95} \frac{N_0}{8} \xrightarrow[\text{4th(H.L)}]{29.28} \frac{N_0}{16}$$

جواب: اصل مقدار کا $\frac{1th}{16}$ رہ جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

سوال 18.2: ریڈیو ایکٹیو کوبالٹ-60 کی ہاف لائف 5.25 سال ہے۔ 26 سال بعد کوبالٹ -60 کی اصل مقدار کا کتنا حصہ باقی رہ جائے گی؟

حل $(Co\text{-}60)$ ہاف لائف $= T_{1/2} = 5.25$ سال

اصل مقدار $= N_0$

باقی مقدار $= N$

کل وقت $= T = 26$ سال

ہاف لائف × لائف کی تعداد = کل وقت

$$T = n \times T_{1/2}$$

$$26 = n \times 5.25$$

$$\frac{26}{5.25} = n$$

$$\Rightarrow \quad n = 5$$

Formula:

$$N = N_0 \times \frac{1}{2^n}$$

Let $N_0 = 1$

$$N = 1 \times \frac{1}{2^5} \Rightarrow N = \frac{1}{2^5} \Rightarrow N = \frac{1}{32}$$

جواب: 26 سال کے بعد کوبالٹ-60 کی اصل مقدار کا $\frac{1}{32}$th رہ جائے گی

سوال 18.3: کاربن-14 کی ہاف لائف 5730 سال ہے۔ کاربن-14 کی ابتدائی مقدار کا $\frac{1}{8}$ تک کم ہو جانے کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا؟

حل کاربن 12 کی ہاف لائف $= T_{1/2} = 5730$ سال

اصل مقدار $= N_0$

باقی مقدار $= N = \frac{N_0}{8}$

Formula:

$$N = N_0 \times \frac{1}{2^n}$$

$$\frac{1}{8} = \frac{1}{2^n}$$

$$\frac{1}{2^3} = \frac{1}{2^n}$$

$$\Rightarrow \quad 2^n = 2^3$$

$$n = 3$$

Formula:

ہاف لائف × ہاف لائف کی تعداد = کل وقت

$$T = n \times \frac{T_1}{2}$$

$$T = 3 \times 5730$$

$$T = 17190 \text{ سال}$$

$$T = 1.7 \times 10^4 \text{ سال}$$ Ans

سوال 18.4: ریڈیو ایکٹیو ٹیکنیٹیم-99 دماغ، تھائیرائیڈ، جگر اور گردوں کی بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس ایلیمنٹ کی ہاف لائف 6 گھنٹے ہے۔ 6 گھنٹے کے بعد 200 ملی گرام سیمپل میں کتنی ٹیکنیٹیم باقی رہ جائے گی؟

حل ہاف لائف $= T_{1/2} = 6$ گھنٹے

اصل مقدار $= N_0 = 200g$

ہاف لائف کی تعداد $= n = 6$

Formula:

$$N = N_0 \times \frac{1}{2^n}$$

$$N = 200 \times \frac{1}{2^6}$$

$$N = \frac{200}{64}$$

$$N = 3.125mg$$

سوال 18.5: ایک ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹ کی ہاف لائف 10 منٹ ہے۔ ابتدائی کاؤنٹ ریٹ 368 کاؤنٹ فی منٹ ہے۔ وقت معلوم کریں جس میں کاؤنٹ ریٹ 23 کاؤنٹ فی منٹ ہو جائے۔

حل ہاف لائف $= T_{1/2} = 10\,min$

ابتدائی کاؤنٹ ریٹ = 368 کاؤنٹ فی منٹ

کل وقت $= T = ?$

Formula:

$$368 \longrightarrow 184 \longrightarrow 92 \longrightarrow 46 \longrightarrow 23$$

ابتدائی کاؤنٹ ریٹ 368 سے کاؤنٹ ریٹ 23 تک ہونے میں چار ہاف لائف کا وقت لگتا ہے۔

ہاف لائف × لائف کی تعداد = کل وقت

$$T = n \times T_{1/2}$$

$$T = 4 \times 10 \text{ min}$$

$$T = 40 \text{min}$$ Ans.

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

سوال 18.6: ایک تجربہ میں ایک ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹ کی ہاف لائف معلوم کرنے کے لیے درج ذیل نتائج حاصل ہوئے۔

کاؤنٹ فی منٹ	400	200	100	50	25
وقت (منٹ میں)	0	2	4	6	8

کاؤنٹ ریٹ اور وقت (منٹ میں) کے درمیان گراف بنایئے گراف کی مدد سے اس ایلیمنٹ کی ہاف لائف معلوم کریں۔

حل: چارمنٹ کے بعد گراف کے مطابق ہم ہاف لائف کی قیمت معلوم کر سکتے ہیں؟

$T = 4\,min$ (دو ہاف لائف)

Formula: $T = n \times T_{1/2}$

$4 = 2 \times T_{1/2}$

$\frac{4}{2} = T_{1/2}$

$2 = T_{1/2}$

$\Rightarrow \quad T_{1/2} = 2\,min.$

جواب: ہاف لائف 2 منٹ ہے۔



سوال 18.7: ایک ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹ کی ہاف لائف 1500 سال ہے۔ اگر اس کی موجودہ ایکٹیویٹی 32000 کاؤنٹ فی گھنٹا ہو تو اس سیمپل کی ریڈیو ایکٹیویٹی کا اس پیریڈ کے لیے گراف بنائیں جس کے دوران اس کی ایکٹیویٹی کا $\frac{1}{16}$ گنا ہو جائے۔

حل: ہاف لائف $= T_{1/2} = 1500$ سال

ابتدائی کاؤنٹ ریٹ فی گھنٹہ (ایکٹیویٹی) $= A_0 = 32000$

$A =$ ابتدائی کاؤنٹ ریٹ فی گھنٹہ کا $\frac{1}{16}$ کاؤنٹ ریٹ

$A = \frac{32000}{16}$

Formula: $A = A_0 \times \frac{1}{2^n}$

$\frac{32000}{16} = 32000 \times \frac{1}{2^n}$

$\frac{1}{16} = \frac{1}{2^n}$

$2^4 = 2^n$

$n = 4$



سوال 18.8: ایک ریڈیو ایکٹیو ایلیمنٹ کی ہاف لائف 4000 سال ہے۔ لگاتار 8 گھنٹوں کا کاؤنٹ ریٹ،

310,300,280,270,312,305,290,285

ہے۔ کاؤنٹ ریٹ میں یہ تبدیلی کس بات کی نشاندہی کرتی ہے؟ کاؤنٹ ریٹ اور وقت (گھنٹوں میں) کے درمیان گراف بنائیں۔ اس کا گراف ایکسپونینشل کروکی بجائے سیدھی لائن کیوں ہے؟

جواب: اکاؤنٹ ریٹ میں تبدیلی یہ ثابت کرتی ہے کہ ریڈیو ایکٹیوڈی کے پروسیس بے ترتیب انداز سے ہو رہا ہے۔ گراف ایک افقی لائن ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ اس ایلیمنٹ کی ہاف لائف (4000 سال) 8 گھنٹوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔

سوال 18.9: ایک غار میں پڑی راکھ (Ashes) میں کاربن-14 کی ایکٹیویٹی تازہ لکڑی کے مقابلے میں $\frac{1}{8}$ ہے۔ راکھ کی عمر کا تعین کریں۔

حل: اصل مقدار $= N_0$

باقی مقدار $= N = \frac{N_0}{8}$

C-14 کی ہاف لائف $= 5730$

کل وقت (راکھ کی عمر) $= T = ?$

Formula: $N = N_0 \times \frac{1}{2^n}$

$\frac{1}{8} = \frac{1}{2^n}$

$\frac{1}{2^3} = \frac{1}{2^n}$

$\Rightarrow \quad 2^n = 2^3 \quad \Rightarrow \quad n = 3$

Formula:

ہاف لائف × ہاف لائف کی تعداد = کل وقت (لاکھ کی عمر)

$T = n \times T_{1/2} \qquad T = 3 \times 5730$

$T = 17190$ سال Ans

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر- WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 1

سمپل ہارمونک موشن اینڈ ویوز (فل سلیبس)

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	(A)	(B)	(C)	(D)	7	(A)	(B)	(C)	(D)
2	(A)	(B)	(C)	(D)	8	(A)	(B)	(C)	(D)
3	(A)	(B)	(C)	(D)	9	(A)	(B)	(C)	(D)
4	(A)	(B)	(C)	(D)	10	(A)	(B)	(C)	(D)
5	(A)	(B)	(C)	(D)	11	(A)	(B)	(C)	(D)
6	(A)	(B)	(C)	(D)	12	(A)	(B)	(C)	(D)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. اگر کسی پینڈولم کی گولی کا ماس تین گنا کر دیا جائے تو اس پینڈولم کی موشن کا پیریڈ کتنا ہو جائے گا؟
(A) دوگنا بڑھ جائے گا (B) کوئی فرق نہیں پڑے گا (C) دوگنا کم ہو جائے گا (D) چار گنا کم ہو جائے گا

2. اگر زمین پر ایک پنڈولم کی لمبائی ایک میٹر ہو تو اس کا ٹائم پیریڈ ہوگا:
(A) 2sec (B) 10sec (C) 6sec (D) 1sec

3. ہک کے قانون کا فارمولا ہے:
(A) F = Kx (B) F = – kx (C) $k = \frac{x}{F}$ (D) x = – Fk

4. سادہ پنڈولم کے لیے ٹائم پیریڈ کا فارمولا:
(A) $T = 2\pi\sqrt{\frac{g}{l}}$ (B) $T = 2\pi\sqrt{\frac{l}{g}}$ (C) $T = 2\pi\sqrt{\frac{m}{k}}$ (D) $T = 2\pi\sqrt{\frac{k}{m}}$

5. ٹائم پیریڈ کا یونٹ ہے:
(A) سیکنڈ (B) ہرٹز (C) جول فی سیکنڈ Js-1 (D) کولمب فی سیکنڈ Cs-1

6. ایک میٹر لمبائی والے سادہ پنڈولم کا ٹائم پیریڈ ہے:
(A) 1.99s (B) 2.11s (C) 1.89s (D) 1.88s

7. ویکیوم میں تمام الیکٹرومیگنیٹک ویوز ایک جیسی رکھتی ہیں:
(A) سپیڈ (B) فریکوئینسی (C) ایمپلی ٹیوڈ (D) ویولینگتھ

8. ویو کا وہ حصہ جہاں میڈیم کے ذرات وسطی پوزیشن سے نیچے ہوتے ہیں، ______ کہلاتا ہے۔
(A) کرسٹ (B) ٹرف (C) ویوفرنٹ (D) ویولینگتھ

9. ریڈیو ویوز ہیں:
(A) سنشری ویوز (B) الیکٹرومیگنیٹک ویوز (C) پارٹیکل ویوز (D) میکینیکل ویوز

10. ویکیوم میں تمام الیکٹرومیگنیٹک ویوز ایک جیسی رکھتی ہیں:
(A) سپیڈ (B) فریکوئینسی (C) ایمپلی ٹیوڈ (D) ویولینگتھ

11. مندرجہ ذیل آلات میں سے کون سا آلہ ٹرانسورس اور لونگیٹیوڈنل دونوں ویوز پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟
(A) ڈوری (B) ریپل ٹینک (C) سلنکی (D) ٹیوننگ فورک

12. سپرنگ کے ساتھ بندھے ہوئے ماس کا ٹائم پیریڈ معلوم کرنے کی مساوات ہے:
(A) $T = 2\pi\sqrt{\frac{l}{g}}$ (B) $T = 2\pi\sqrt{\frac{g}{l}}$ (C) $T = 2\pi\sqrt{\frac{m}{k}}$ (D) $T = 2\pi\sqrt{\frac{k}{m}}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ | فزکس (انشائیہ طرز) | کل نمبر: 48

حصہ اوّل

2- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ٹائم پیریڈ کا ریسی پروکل کیا ہے؟ اس کی تعریف کیجیے۔

ii. اگر ایک سمپل پینڈولم کا ٹائم پیریڈ 1.99s ہے تو پینڈولم کی فریکوئنسی معلوم کیجیے۔

iii. ہک کا قانون بیان کیجیے۔

iv. سمپل ہارمونک موشن کی تعریف کیجیے۔

v. ٹائم پیریڈ سے کیا مراد ہے؟

vi. کمپریشن کسے کہتے ہیں؟

vii. اگر سادہ پنڈولم کی لمبائی دوگنا کر دی جائے تو اس کے ٹائم پیریڈ میں کیا تبدیلی رونما ہوگی؟

viii. سمپل پینڈولم کا ٹائم پیریڈ معلوم کیجیے جس کی لمبائی 1.0m ہے جبکہ $g=10ms^{-2}$

3- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. مکینیکل ویوز اور الیکٹرومیگنیٹک ویوز کی تعریف کیجیے۔

ii. پانی کی ایک ویو میں کرسٹ اور ٹرف کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

iii. الیکٹرومیگنیٹک ویوز کی چار مثالوں کے نام لکھیے۔

iv. اگر $f = 4Hz$ اور $\lambda = 0.4$ ہو تو v کی قیمت معلوم کیجیے۔

v. لونگیٹیوڈنل اور ٹرانسورس ویوز میں فرق تحریر کیجیے۔

vi. الیکٹرومیگنیٹک ویوز کو اپنی اشاعت کے لیے میڈیم کی ضرورت نہیں ہوتی، کیوں؟ وجہ بیان کیجیے۔

vii. ٹرانسورس ویوز کے کرسٹ اور ٹرف کے درمیان فرق بیان کیجیے۔

viii. ویوز کی دو بنیادی اقسام کے نام لکھیں۔

4- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ویوز کی دو بنیادی اقسام کی تعریف کیجیے۔

ii. مکینیکل ویوز کیا ہیں؟ ایک مثال لکھیں۔

iii. لونگیٹیوڈنل ویوز کی تعریف کیجیے۔

iv. سلنکی پر موشن کرتی ہوئی ویو کی فریکوئنسی 4Hz اور ویولینگتھ 0.4m ہے۔ ویو کی سپیڈ معلوم کریں۔

v. ویو کی رفریکشن کی تعریف کیجیے۔

vi. مکینیکل ویوز کی تعریف کیجیے اور اس کی اقسام کے نام لکھیے۔

vii. ٹرانسورس ویوز اور لونگیٹیوڈنل ویوز کی تعریف کریں۔

viii. ویوز کی رفریکشن کی تعریف کیجیے۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) سمپل ہارمونک موشن کی تعریف کیجیے اور ثابت کیجیے کہ سادہ پنڈولم کی موشن سمپل ہارمونک موشن ہے۔

(ب) ایک میٹر لمبائی کے سادہ پینڈولم کا ٹائم پیریڈ اور فریکوئنسی معلوم کریں۔ جبکہ $g=10ms^{-2}$

6. (الف) ثابت کیجیے۔ $V = f\lambda$

(ب) سادہ پینڈولم کا ٹائم پیریڈ 2s ہے۔ اس کی زمین پر لمبائی کیا ہوگی؟ اس پینڈولم کی چاند پر لمبائی کیا ہوگی؟ اگر $g_m=\frac{g_e}{6}$ جبکہ $g_e=10ms^{-2}$ -

7. (الف) مکینیکل ویوز کی اقسام بیان کریں۔

(ب) ایک سادہ پینڈولم اپنی ایک وائبریشن 2s میں مکمل کرتا ہے۔ اس کی لمبائی معلوم کریں۔ جبکہ $g=10ms^{-2}$

Scanned with CamScanner

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 2 — ساؤنڈ (فل سلیبس)

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	(A)	(B)	(C)	(D)
2	(A)	(B)	(C)	(D)
3	(A)	(B)	(C)	(D)
4	(A)	(B)	(C)	(D)
5	(A)	(B)	(C)	(D)
6	(A)	(B)	(C)	(D)
7	(A)	(B)	(C)	(D)
8	(A)	(B)	(C)	(D)
9	(A)	(B)	(C)	(D)
10	(A)	(B)	(C)	(D)
11	(A)	(B)	(C)	(D)
12	(A)	(B)	(C)	(D)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. چوں کی سرسراہٹ کا ساؤنڈ لیول ہے:
(A) 20dB (B) 10dB (C) 30dB (D) 60dB

2. ساؤنڈ انرجی کی کونسی قسم ہے؟
(A) الیکٹریکل (B) مکینیکل (C) تھرمل (D) کیمیکل

3. چوں کی سرسراہٹ کی ساؤنڈ کی انٹینسٹی ہے:
(A) 10–10 Wm–2 (B) 10–11 Wm–2 (C) 10–12 Wm–2 (D) 10–18 Wm–2

4. ایک بیل (Bel) برابر ہے۔
(A) 5dB (B) 10dB (C) 60dB (D) 20dB

5. ٹیوننگ فورک کی فریکوئنسی کا انحصار ہے۔
(A) لمبائی (B) ماس (C) فورس (D) ایمپلی ٹیوڈ

6. ساؤنڈ پیدا ہونے والے جسم سے آپ تک کیسے پہنچتی ہے؟
(A) ہوا کے دباؤ میں تبدیلی کی وجہ سے (B) تار یا ڈوری کی وائبریشن سے
(C) الیکٹرومیگنیٹک ویوز کی بدولت (D) انفراریڈ ویوز کی بدولت

7. 25°C پر لکڑی میں آواز کی سپیڈ:
(A) $2500m\,sec^{-1}$ (B) $2000m\,sec^{-1}$ (C) $3000m\,sec^{-1}$ (D) $4000m\,sec^{-1}$

8. چمکدار گلاس میں 25°C پر آواز کی سپیڈ ہے:
(A) 5950 m/s (B) 6040 m/s (C) 5960 m/s (D) 3980 m/s

9. ساؤنڈ کی انٹینسٹی کا SI یونٹ ہے:
(A) Wm^{-1} (B) Wm^{-2} (C) Wm (D) Wm^2

10. ٹھوس میں آواز کی سپیڈ گیسوں کے مقابلے میں ______ گنا زیادہ ہے۔
(A) 2 (B) 5 (C) 10 (D) 15

11. آواز کی سپیڈ زیادہ ہے:
(A) پانی (B) ہوا (C) سٹیل (D) ویکیوم

12. 25°C پر سٹیل میں آواز کی رفتار:
(A) 3880 m/s (B) 5950 m/s (C) 6040 m/s (D) 5960 m/s

Scanned with CamScanner

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	فزکس (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

﴿حصہ اوّل﴾

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. انسانی کان کے لیے قابل سماعت ساؤنڈ کی حدود کیا ہیں؟

ii. زیرو بل سے کیا مراد ہے؟

iii. انسانی کان کیلئے قابلِ سماعت ساؤنڈ کی حدود کیا ہیں؟ کیا یہ حدود عمر کے لحاظ سے تبدیل ہوتی ہیں؟

iv. ساؤنڈ ویوز کی فریکوینسی معلوم کیجیے جبکہ ساؤنڈ کی سپیڈ $340ms^{-1}$ اور ویولینگتھ 0.5m ہو۔

v. آواز کی سپیڈ معلوم کرنے کے لیے کون سی مساوات استعمال کی جاتی ہے؟

vi. ساؤنڈ پیدا کرنے کیلئے کون سی لازمی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟

vii. کون سے میڈیم میں ساؤنڈ ویوز تیزی سے سفر کرتی ہیں ٹھوس یا مائع اور کیوں؟

viii. قابلِ سماعت مدھم ترین ساؤنڈ کا انٹینسٹی لیول نکالیے جبکہ انٹینسٹی $10^{-12}wm^{-2}$ ہو۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ویوز کی گنک سے کیا مراد ہے؟

ii. ساؤنڈ کی پچ کی تعریف کیجیے۔ ساؤنڈ کی پچ اور فریکوینسی میں کیا تعلق ہے؟

iii. ''بازگشت'' سے کیا مراد ہے؟

iv. میوزیکل ساؤنڈ اور شور میں کیا فرق ہے؟

v. پچ اور کوالٹی کی تعریف کریں۔

vi. لاؤڈنیس آف ساؤنڈ کا انحصار کن عوامل پر ہے؟

vii. انٹینسٹی آف ساؤنڈ کی تعریف کریں اور اس کا SI یونٹ لکھیں۔

viii. آواز کی کوالٹی سے کیا مراد ہے؟

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ٹیوننگ فورک کیا ہے؟

ii. ٹیوننگ فورک سے پیدا ہونے والی آواز کو ہم کیسے سن سکتے ہیں؟

iii. لاؤڈنیس کا انحصار کن دو عوامل پر ہے؟

iv. پچ (Pitch) سے کیا مراد ہے؟ اس کی ایک مثال دیجیے۔

v. انسانی کان کی قابل سماعت انٹینسٹی کی رینج کیا ہے؟

vi. ساؤنڈ کی انٹینسٹی اور لاؤڈنیس کے درمیان کیا فرق ہے؟

vii. ساؤنڈ ویوز کو مکینیکل ویوز کیوں کہتے ہیں؟

viii. فریکوئنسی اور پچ میں فرق بیان کیجیے۔

﴿حصہ دوم﴾

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) ساؤنڈ کے انٹینسٹی لیول کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز ساؤنڈ کے انٹینسٹی لیول کے یونٹ کا نام بتائیں اور اس کی تعریف کریں۔

(ب) مختلف ساؤنڈز کا انٹینسٹی لیول نکالیں۔ جیسا کہ (الف) قابل سماعت مدھم ساؤنڈ (ب) پتوں کی سرسراہٹ

6. (الف) آواز کی خصوصیات پر نوٹ لکھیے۔

(ب) ایک خاص ٹمپریچر پر ہوا میں ساؤنڈ کی سپیڈ $330ms^{-1}$ ہے۔ اگر ویولینگتھ 5cm ہو تو ساؤنڈ ویو کی فریکوینسی معلوم کریں۔ کیا یہ فریکوینسی انسانی کان کے لیے قابل سماعت ساؤنڈ کی حدود میں واقع ہے؟

7. (الف) ساؤنڈ کی سپیڈ بیان کریں اور مثالیں دیں۔

(ب) ایک ساؤنڈ کی فریکوینسی اور ویولینگتھ بالترتیب 2kHz اور 25cm ہیں۔ اسے 1.5km کا فاصلہ طے کرنے کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا؟

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 3 جیومیٹریکل آپٹکس (کُل سلیبس)

کل نمبر: 12 (معروضی) وقت: 15 منٹ

1	(A)	(B)	(C)	(D)
2	(A)	(B)	(C)	(D)
3	(A)	(B)	(C)	(D)
4	(A)	(B)	(C)	(D)
5	(A)	(B)	(C)	(D)
6	(A)	(B)	(C)	(D)
7	(A)	(B)	(C)	(D)
8	(A)	(B)	(C)	(D)
9	(A)	(B)	(C)	(D)
10	(A)	(B)	(C)	(D)
11	(A)	(B)	(C)	(D)
12	(A)	(B)	(C)	(D)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. سفیریکل مررز کی اقسام ہیں:
(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

2. ایک کنورجنگ مرر کا ریڈیس آف کروچر 20 سینٹی میٹر ہے۔ اس کی فوکل لینگتھ ____ سینٹی میٹر ہوگی۔
(A) 10 (B) −10 (C) 20 (D) −20

3. کنویکس مرر سے بننے والی امیج:
(A) سیدھا اور رئیل (B) الٹی اور رئیل (C) سیدھا اور ورچوئل (D) الٹی اور ور چوئل

4. پلین مرر سے ریز رفلیکٹ ہوتی ہیں جس کی وجہ سے امیج ہمیں آتی ہے:
(A) بڑی (B) چھوٹی (C) الٹی (D) سیدھی

5. پانی میں روشنی کی رفتار تقریباً ہوتی ہے:
(A) $3.3\times10^8\,ms^{-1}$ (B) $2.5\times10^8\,ms^{-1}$ (C) $2.3\times10^8\,ms^{-1}$ (D) $2.6\times10^8\,ms^{-1}$

6. سنیل کا قانون ہے:
(A) $n=\frac{\sin\hat{i}}{\sin\hat{r}}$ (B) $n=\frac{\sin\hat{r}}{\sin\hat{i}}$ (C) $n=\sin\hat{r}$ (D) $n=\sin\hat{i}$

7. ہوا میں روشنی کی رفتار تقریباً ____ میٹر فی سیکنڈ ہے۔
(A) 2×10^8 (B) 3×10^6 (C) 3×10^8 (D) 3×10^7

8. برف کا ریفریکٹو انڈیکس ہے:
(A) 1.52 (B) 1.31 (C) 2.45 (D) 1.33

9. ایتھائل الکوحل کا ریفریکٹو انڈکس ہوتا ہے:
(A) 1.46 (B) 1.45 (C) 1.40 (D) 1.36

10. لینز کی پاور الٹ ہوتی ہے:
(A) سپیڈ (B) فوکل لینگتھ (C) فریکوینسی (D) ویولینگتھ

11. لینز کی پاور کا SI یونٹ ہے:
(A) ہرٹز (B) وولٹ (C) ڈائی آپٹر (D) ڈیسی بل

12. کنویکس لینز سکرین پر ____ قسم کا امیج بناتا ہے:
(A) الٹی اور رئیل (B) الٹی اور ورچوئل (C) سیدھی اور رئیل (D) سیدھی اور ورچوئل

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

کل نمبر:48	فزکس (انشائیہ طرز)	وقت:1 گھنٹہ 45 منٹ

حصہ اوّل

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. کنویکس مرر کے سامنے 10cm پر پڑے ہوئے ایک جسم کی امیج مرر کے پیچھے 5cm پر بنتی ہے۔ مرر کی فوکل لینگتھ کیا ہوگی؟

ii. ریئل اور ورچوئل امیج کے درمیان کیا فرق ہے؟

iii. کنکیو مرر اور کنویکس مرر کے فوکس کی خصوصیات لکھئے۔

iv. پرنسپل ایکسز اور فوکل لینگتھ کی تعریف کیجئے۔

v. پول اور آپٹیکل سنٹر کے درمیان فرق بیان کیجیے۔

vi. ایک کنکیو مرر سے 20 cm پر پڑے ہوئے جسم کے امیج کی اونچائی جسم کی اونچائی کے برابر ہے مگر امیج الٹی ہے، مرر کی فوکل لینگتھ کیا ہوگی؟

vii. اگر f = 10cm ، p = 6cm مرر کنکیو ہو تو q معلوم کیجئے۔

viii. پرنسپل ایکسز کی تعریف کیجئے۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. برف اور پانی کی ریفریکٹیو انڈیکس کیا ہے؟

ii. کسی میڈیم کے ریفریکٹیو انڈیکس سے کیا مراد ہے؟ اس کا S.I یونٹ کیا ہے؟

iii. رفریکٹو انڈیکس کی تعریف کیجیے۔

iv. ٹوٹل انٹرنل رفلیکشن کی تعریف کیجئے۔

v. کریٹیکل اینگل سے کیا مراد ہے؟

vi. ٹوٹل انٹرنل رفلیکشن سے کیا مراد ہے؟

vii. روشنی کی رفریکشن کے قوانین بیان کیجئے۔

viii. سنیلز کا قانون بیان کریں اور اس کا فارمولا لکھیں۔

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. لینز کی پاور اور اس کے یونٹ کی تعریف کیجئے۔

ii. لینز فارمولا کی تعریف کریں اور لکھیے۔

iii. کنورجنگ لینز اور ڈائی ورجنگ لینز میں کیا فرق ہے؟

iv. لینز فارمولا کو الفاظ میں بیان کریں۔

v. لینز کی پاور کا یونٹ کیا ہے؟ اسکی تعریف کیجئے۔

vi. لینز کے دو استعمالات لکھئے۔

vii. کنکیو اور کنویکس لینز میں فرق بیان کریں۔

viii. لینز کی پاور سے کیا مراد ہے؟ اسکا فارمولا بھی لکھئے۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) رفلیکشن کے قوانین بیان کریں۔ بذریعہ گراف آپ کس طرح ان کی تصدیق کر سکتے ہیں؟

(ب) ایک جسم کنکیو مرر جس کی فوکل لینگتھ 10cm، کے سامنے 6cm کے فاصلہ پر پڑا ہوا ہے۔ امیج کی پوزیشن معلوم کریں۔

6. (الف) روشنی کی رفریکشن کی تعریف کریں۔ پیرالل سائیڈز والے شفاف میٹیریل سے روشنی کے گزرنے کے عمل کی وضاحت کیجیے

(ب) ایک کنویکس مرر کی فوکل لینگتھ 13.5cm ہے۔ اس کے سامنے رکھے ہوئے مجسمے کی امیج مرر کے پیچھے 11.5cm پر دکھائی دیتی ہے۔ مجسمے کا مرر سے فاصلہ معلوم کریں۔

7. (الف) کسی میٹیریل کے رفریکٹیو انڈیکس کا کیا مطلب ہے؟ آپ ایک ریکٹینگولر گلاس سلیب کے رفریکٹیو انڈیکس کی پیمائش کس طرح کریں گے؟

(ب) ایک جسم کی اونچائی 10cm ہے، کنکیو مرر جس کی فوکل لینگتھ 15cm ہے سے 20cm پر پڑا ہے۔ امیج کی پوزیشن اور جسامت معلوم کریں۔ نیز امیج کی ماہیت کے بارے میں بتائیے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 4 الیکٹرو سٹیٹکس (کل سلیبس)

کل نمبر:12

(معروضی)

وقت:15 منٹ

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D
7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی معلوم کرنے کا فارمولا ہے:
(A) $E = \frac{q_o}{F}$ (B) $E = q_oF$ (C) $F = \frac{E}{q_o}$ (D) $E = \frac{F}{q_o}$

2. الیکٹرک فیلڈ لائنز:
(A) ہمیشہ ایک دوسرے کو عبور کر سکتیں (B) ایک دوسرے کو عبور نہیں سکتیں
(C) زیادہ فیلڈ والے علاقے میں ایک دوسرے کو عبور کرتی ہیں (D) کم فیلڈ والے علاقے میں ایک دوسرے کو عبور کرتی ہیں

3. دو چارجڈ سفیئرز کو 2mm کے فاصلہ پر رکھا گیا ہے۔ درج ذیل میں سے کس انتخاب کے لیے سب سے زیادہ کشش کی فورس ہوگی؟
(A) +4q اور +1q (B) −4q اور −1q (C) +2q اور +2q (D) −2q اور +2q

4. کولمب فورس کے لیے درست تعلق ہے:
(A) $F = k\frac{q_1q_2}{r}$ (B) $F = k\frac{q_1q_2}{r^2}$ (C) $F = \frac{1}{k}\frac{q_1q_2}{r}$ (D) $F = \frac{1}{k}\frac{q_1q_2}{r^2}$

5. کولمب کا قانون ہے:
(A) $F = k\frac{q_1q_2}{r^2}$ (B) $F = G\frac{m_1q_2}{r_2}$ (C) $F = Eq$ (D) $F = G\frac{m_1m_2}{r_2}$

6. ایک 10 C کے چارج کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کیلئے پانچ جول ورک کرنا پڑتا ہے۔ ان دونوں مقامات کے درمیان پوٹینشل ڈفرینس ہوگا۔
(A) 0.5V (B) 2V (C) 5V (D) 10V

7. کولمب کا قانون کن چارجز کیلئے موزوں ہے؟
(A) حرکت کرتے ہوئے پوائنٹ چارجز (B) حرکت کرتے ہوئے بڑے سائز کے چارجز
(C) ساکن پوائنٹ چارجز (D) ساکن اور بڑے سائز کے چارجز

8. کولمب کے قانون میں 'K' کی قیمت ہے:
(A) $9\times10^{9}\,Nm^2C^{-2}$ (B) $9\times10^{11}\,Nm^2C^{-2}$
(C) $9\times10^{-9}\,Nm^2C^{-2}$ (D) $9\times10^{-11}\,Nm^2C^{-2}$

9. کپیسی ٹینس کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے:
(A) VC (B) Q/V (C) QV (D) V/Q

10. ایک کپیسٹر کی کپیسی ٹینس کا S.I یونٹ ہوتا ہے:
(A) وولٹ V (B) ایمپیئر A (C) فیرڈ F (D) نیوٹن N

11. ایک مائیکرو فیرڈ برابر ہے:
(A) 1 × 10–3F (B) 1 × 10–6F (C) 1 × 10–9F (D) 1 × 10–12F

12. کپیسی ٹینس کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے:
(A) VC (B) Q/V (C) QV (D) V/Q

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE | https://www.facebook.com/102079175269999 | WHTSAPP 03406042418

10 - ٹرک

کل نمبر: 48	فزکس (انشائیہ طرز)	وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ

حصہ اوّل

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. فکسڈ کپیسٹر کی تعریف کیجیے اور اس کی مثالیں دیجیے۔

ii. پیپر کپیسٹر کی ساخت بیان کریں۔

iii. کپیسٹر کے دو استعمالات لکھیے۔

iv. کپیسٹرز کے پیرالل جوڑ کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔

v. کپیسٹرز کے چار استعمالات لکھیں۔

vi. کپیسٹر کی چارج سٹور کرنے کی صلاحیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل لکھیے۔

vii. فیراڈ کی تعریف کیجیے۔

viii. کپیسی ٹینس کا SI یونٹ کیا ہے؟ اس کی تعریف کیجیے۔

3۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. الیکٹرک فیلڈ سے کیا مراد ہے؟

ii. الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کا عمل رگڑ کے ذریعے جسم کو چارج کرنے سے کیسے مختلف ہے؟

iii. دو پوائنٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس کی تعریف کریں اور اس کا یونٹ لکھیں۔

iv. الیکٹرک فیلڈ سے کیا مراد ہے؟

v. الیکٹرک فیلڈ لائنز سے کیا مراد ہے؟

vi. الیکٹرک پوٹینشل کی تعریف کریں اور اس کا S.I یونٹ بھی لکھیے۔

vii. الیکٹرک فیلڈ اور الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی میں فرق تحریر کیجیے۔

viii. الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کی تعریف کیجیے۔

4۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی کی تعریف کیجیے اور اس کا یونٹ تحریر کیجیے۔

ii. الیکٹریکل پوٹینشل کی تعریف کیجیے۔

iii. الیکٹروسٹیٹک ایئر کلینرز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iv. الیکٹرک پوٹینشل کی تعریف کریں اور اس کا S.I یونٹ بھی لکھیے۔

v. کپیسٹر کی تعریف کیجیے اور اس کی اقسام کے نام لکھیں۔

vi. کپیسی ٹینس کے یونٹ کی تعریف کیجیے۔

vii. فکسڈ کپیسٹر اور ویری ایبل کپیسٹر میں کیا فرق ہے؟

viii. اگر $V = 50V$ اور $C = 100\mu F$ ہو تو $Q = ?$

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) الیکٹرک فیلڈ اور الیکٹرک انٹینسٹی سے کیا مراد ہے؟

(ب) اگر $3\mu F$، $4\mu F$ اور $5\mu F$ کے تین کپیسٹرز پیرالل طریقے سے 6V کی بیٹری سے جوڑے گئے ہوں تو درج ذیل مقداریں معلوم کریں۔ جبکہ $(1\mu F = 10^{-6} F)$

(a) مساوی کپیسی ٹینس (b) ہر کپیسٹر کے اطراف وولٹیج (c) ہر کپیسٹر کی پلیٹ پر چارج

6. (الف) کولمب کے الیکٹروسٹیٹک کے قانون کی وضاحت کریں نیز اس کو حسابی شکل میں لکھیں۔

(ب) ایک جیسے پوزیٹو چارجز کے درمیان کشش کی فورس 0.8N ہے۔ جب چارجز 0.1m کے فاصلے پر رکھے گئے ہوں تو ہر چارج کی مقدار معلوم کریں۔

7. (الف) کپیسٹرز کو جوڑنے کا پیرالل طریقہ بیان کریں۔

(ب) الیکٹرک فیلڈ کی وجہ سے ایک پوائنٹ پر پوٹینشل کی قیمت $10^4 V$ ہے۔ اگر $100\mu C$ چارج کو لامحدود فاصلہ سے اس پوائنٹ پر لایا جائے تو اس پر کتنا ورک کرنا پڑے گا؟

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 5 — کرنٹ الیکٹریسٹی (فل سلیبس)

وقت: 15 منٹ | (معروضی) | کل نمبر: 12

1	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	7	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
2	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	8	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
3	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	9	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
4	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	10	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
5	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	11	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
6	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	12	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. پوٹینشل ڈفرنس کا SI یونٹ ہے:
(A) ایمپیئر (B) وولٹ (C) فیراڈ (D) پاسکل

2. کنڈکٹرز میں الیکٹرک کرنٹ کے بہاؤ کی وجہ ہے:
(A) پوزیٹو آئنز (B) نیگیٹو آئنز (C) پوزیٹو آئنز (D) آزاد الیکٹرونز

3. الیکٹرک پوٹینشل اور e.m.f:
(A) ایک جیسی مقداریں ہیں (B) دو مختلف مقداریں ہیں (C) ان کی یونٹس مختلف ہیں (D) A اور B دونوں

4. چارجز کے بہاؤ کی شرح کو کہتے ہیں:
(A) کرنٹ (B) وولٹ (C) اوہم (D) کولمب

5. اوہم کے قانون کی حسابی شکل ہے:
(A) P=IV (B) V=IR (C) Q=IT (D) W=Q/V

6. رزسٹنس کو ظاہر کرنے کی علامت ہے:
(A) (B)  (C) Ω (D)

7. 6 kΩ اور 12 kΩ کی دو رزسٹنسز کو 6 وولٹس کی بیٹری سے پیرالل طریقہ سے جوڑا گیا ہے۔ 6 kΩ والی رزسٹنس کے اطراف پوٹینشل ڈیفرنس ______ وولٹس ہے۔
(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 12

8. تار کا ایریا بڑھانے سے رزسٹنس:
(A) بڑھ جاتی ہے (B) کم ہو جاتی ہے (C) تبدیل نہیں ہوتی (D) ختم ہو جاتی ہے

9. سیریز طریقہ سے جوڑے گئے دو ایک جیسے رزسٹرز کی رزسٹنس کا مجموعہ 8 اوہم ہے پیرالل طریقہ سے جوڑنے سے ان کی رزسٹنس کا مجموعہ کیا ہوگا؟
(A) 2Ω (B) 4Ω (C) 8Ω (D) 12Ω

10. ہیئر ڈرائیر کی پاور:
(A) 5000 watts (B) 1500 watts (C) 1000 watts (D) 800 watts

11. اگر ہم ایک سرکٹ میں رزسٹنس کو کونسٹنٹ رکھتے ہوئے کرنٹ اور وولٹیج کو دوگنا کر دیں تو پاور:
(A) میں کوئی فرق نہیں آتا ہے (B) نصف ہو جائے گی (C) دوگنا ہو جائے گی (D) چار گنا زیادہ ہو جائے گی

12. ایک واٹ برابر ہے:
(A) $1\,Js^{-2}$ (B) 1 Js (C) $1\,Js^{-1}$ (D) 1 Ns

Scanned with CamScanner

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	فزکس (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

حصہ اوّل

2- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. جول کا قانون بیان کیجیے۔

ii. 1000 جول میں کتنے واٹ آور ہوتے ہیں؟

iii. 1KWh = 3.6 MJ ثابت کیجیے۔

iv. ایک کلوواٹ آور کو جول میں تبدیل کیجیے۔

v. 1000 واٹ آور انرجی کو جولز یونٹ میں تبدیل کیجیے۔

vi. کلوواٹ آور کی تعریف کیجیے۔

vii. الیکٹرک پاور کی تعریف کیجیے اور اس کی مساوات تحریر کیجیے۔

viii. 8000 جول میں کتنے واٹ آور ہوتے ہیں؟

3- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. اوہم لاء بیان کیجیے۔ نیز اس کا فارمولا بھی لکھیے۔

ii. رزسٹنس کے یونٹ کی تعریف کریں۔

iii. کسی شے کی سپیسفک رزسٹنس کی تعریف کیجیے۔ نیز اس کا S.I یونٹ لکھیے۔

iv. تھرمسٹر کیا ہے؟ اس کا کوئی ایک استعمال لکھیے۔

v. اگر دو رزسٹرز $R_1 = 6k\Omega$، $R_2 = 12\ k\Omega$ کو پیرالل طریقے سے جوڑا جائے تو مساوی رزسٹنس کیا ہوگی؟

vi. رزسٹنس کا یونٹ کیا ہے؟ اسکی تعریف کریں۔

vii. یونٹ "اوہم" کی تعریف کیجیے۔

viii. اوہم لاء بیان کیجیے۔ نیز اس کا فارمولا بھی لکھیے۔

4- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ای۔ایم۔ایف اور پوٹینشل ڈفرنس میں فرق لکھیے۔

ii. الیکٹروموٹو فورس سے کیا مراد ہے؟

iii. سورس کی ای ایم ایف کی تعریف کیجیے۔

iv. سرکٹ میں لگے کسی کمپونینٹ (رزسٹر) کے اطراف پوٹینشل ڈفرنس کو کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے؟ ڈایاگرام بھی بنائیں۔

v. کرنٹ کی تعریف کیجیے اور اس کا یونٹ لکھیے۔

vi. الیکٹرک کرنٹ سے کیا مراد ہے؟ اس کا فارمولا لکھیے۔

vii. برقی آلات کو سیریز سرکٹ کی بجائے پیرالل سرکٹ میں جوڑنے کا کیا فائدہ ہے؟

viii. تھرمسٹر کیا ہے؟ اس کا کوئی ایک استعمال لکھیے۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

.5 (الف) سیریز طریقے سے جوڑے گئے رزسٹرز کی مساوی رزسٹنس معلوم کریں۔

(ب) اگر $6k\Omega$ اور $4k\Omega$ کے رزسٹرز کو 10V کی بیٹری کے ساتھ سیریز میں جوڑا جائے تو مندرجہ ذیل مقداریں معلوم کریں۔

(a) سیریز جوڑ کی مساوی رزسٹنس (b) ہر رزسٹنس میں سے بہنے والا کرنٹ (c) ہر رزسٹنس کے اطراف پوٹینشل ڈفرنس

.6 (الف) اوہم کے قانون کو بیان کیجیے۔ اس کے اطلاق کی حدود کیا ہیں؟

(ب) ایک کنڈکٹر کی رزسٹنس $10M\Omega$ ہے۔ اگر اس کے اطراف میں 100V کا پوٹینشل فراہم کیا جائے تو اس میں سے گزرنے والا کرنٹ ملی ایمپیئرز میں معلوم کیجیے۔

.7 (الف) ایک الیکٹرک بلب پر 100W, 220V لکھا ہوا ہے۔ اس بلب کے فلامنٹ کی رزسٹنس معلوم کیجیے۔ اگر بلب کو روزانہ 5 گھنٹوں کے لیے روشن کیا جائے تو اس بلب پر ایک مہینہ (تیس دن) میں خرچ ہونے والی انرجی کلوواٹ آور میں معلوم کیجیے۔

(ب) $2k\Omega$ اور $8k\Omega$ کی دو رزسٹرز سیریز طریقہ سے جوڑی گئی ہیں۔ اگر اس جوڑ کے اطراف 10V کی بیٹری لگائی جائے تو مندرجہ ذیل مقداروں کی قیمت معلوم کیجیے۔

(a) سیریز جوڑ کی مساوی رزسٹنس (b) ہر رزسٹنس میں سے بہنے والا کرنٹ (c) ہر رزسٹنس کے اطراف پوٹینشل ڈفرنس

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 6 الیکٹرومیگنیٹزم (کل سلیبس)

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. MRI کونسی بیماری کی تشخیص میں مدد دیتی ہے؟
(A) دماغ (B) آنکھ (C) کان (D) گردے

2. کرنٹ کے میگنیٹک اثرات کا مطالعہ کہلاتا ہے:
(A) الیکٹروسٹیٹکس (B) میگنیٹزم (C) الیکٹریسٹی (D) الیکٹرومیگنیٹزم

3. عارضی میگنیٹ جو ایک کوائل میں کرنٹ کے بہنے کی وجہ ہے:
(A) میگنیٹک فیلڈ (B) الیکٹرک انٹینسٹی (C) میگنیٹ (D) الیکٹرومیگنیٹ

4. اگر میگنیٹک فیلڈ میں عمودار رکھی ہوئی وائر میں سے بہنے والے کرنٹ کی مقدار کو بڑھایا جائے تو وائر پر عمل کرنے والی میگنیٹک فورس:
(A) بڑھے گی (B) کم ہوگی (C) تبدیل نہیں ہوگی (D) صفر ہوگی

5. میگنیٹک فیلڈ کی موجودگی کا پتا لگایا جا سکتا ہے:
(A) مقناطیسی کمپاس سے (B) چھوٹے ماس سے (C) ساکن مثبت چارج سے (D) ساکن منفی چارج سے

6. انڈیوسڈ ای ایم ایف کی سمت سرکٹ میں کنزرویشن کے قانون کے مطابق ہوتی ہے:
(A) ماس (B) چارج (C) مومینٹم (D) انرجی

7. لینز کا قانون کس قانون کے عین مطابق ہے؟
(A) ماس کنزرویشن (B) انرجی کنزرویشن (C) مومینٹم کنزرویشن (D) چارج کنزرویشن

8. الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن اور الیکٹرولائسس کے قوانین کس نے پیش کیے ہیں؟
(A) اوہم (B) نیوٹن (C) کولمب (D) فیراڈے

9. الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن سے متعلق قانون پیش کیا:
(A) فیراڈے (B) ہنری (C) وولٹا (D) گراہم بل

10. الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن اور برق پاشیدگی کے قوانین کس نے پیش کیے؟
(A) مائیکل فیراڈے (B) چارج کولمب (C) نیوٹن (D) سائمن اوہم

11. آئیڈیل ٹرانسفارمر کے لیے ہم لکھ سکتے ہیں کہ:
(A) $\frac{V_P}{V_S} = \frac{I_P}{I_S}$ (B) $\frac{V_S}{V_P} = \frac{I_S}{I_P}$ (C) $\frac{V_S}{I_S} = \frac{V_P}{I_P}$ (D) $\frac{V_S}{V_P} = \frac{I_P}{I_S}$

12. ایک آئیڈیل ٹرانسفارمر میں کون سی مقدار کونسٹنٹ رہتی ہے؟
(A) وولٹیج (B) پاور (C) کرنٹ (D) A اور B دونوں

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	فزکس (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

﴿حصہ اوّل﴾

-2 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. ٹرانسفارمر کی ساخت بیان کیجیے۔

ii. ٹرانسفارمر کیا ہے؟ یہ کس اصول کے تحت کام کرتا ہے؟

iii. ٹرانسفارمر کیا ہے اور یہ کس اصول پر کام کرتا ہے؟

iv. کیا ٹرانسفارمر ڈائریکٹ کرنٹ پر کام کر سکتا ہے؟

v. میوچل انڈکشن کی تعریف کیجیے۔

vi. ٹرانسفارمر کیا ہے؟ اس کی اقسام تحریر کریں۔

vii. آئیڈیل ٹرانسفارمر کی تعریف کیجیے۔

viii. کرنٹ کی تعریف کریں۔

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. لینز کا قانون، انرجی کے کنزرویشن کے قانون کے عین مطابق ہے، کیوں؟

ii. لینز کا قانون بیان کیجیے۔

iii. فیراڈے کے لاء آف الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن کی تعریف کریں اور کم از کم انڈیوسڈ ای۔ایم۔ایف کو متاثر کرنے والا ایک عمل لکھیے۔

iv. الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن کی تعریف کیجیے۔

v. انڈیوسڈ ای۔ایم۔ایف کی مقدار کن عوامل پر منحصر ہوتی ہے؟

vi. فیراڈے کا قانون برائے الیکٹرومیگنیٹک انڈکشن بیان کیجیے۔

vii. انڈیوسڈ ای ایم ایف پر اثر انداز ہونے والے دو عوامل لکھیے۔

viii. سرکٹ سے کیا مراد ہے؟

-4 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. سولینائیڈ سے کیا مراد ہے؟

ii. کرنٹ بردار سولینائیڈ میں پیدا ہونے والی میگنیٹک لائنز آف فورس کی سمت کا تعین کس اصول کے تحت کیا جاتا ہے؟ بیان کریں۔

iii. دائیں ہاتھ کے اصول کے مطابق میگنیٹک فیلڈ کی سمت کیسے معلوم کی جاتی ہے؟

iv. الیکٹرومیگنیٹزم کی تعریف لکھیے۔

v. میگنیٹک فیلڈ کی شدت کی تعریف کیجیے۔

vi. ایک کرنٹ بردار کنڈکٹر کے میگنیٹک فیلڈ کی سمت معلوم کرنے کا طریقہ لکھیے۔

vii. الیکٹرومیگنیٹ سے کیا مراد ہے؟

viii. دائیں ہاتھ کا اصول کی تعریف کیجیے۔

﴿حصہ دوم﴾

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

.5 (الف) میوچل انڈکشن سے کیا مراد ہے؟ اس کے SI یونٹ کی تعریف کریں۔

(ب) ایک ٹرانسفارمر ایک ماڈل ٹرین کو 12V مہیا کرتا ہے۔ اگر ماڈل ٹرین کو چلانے کے لیے درکار کرنٹ 0.8A ہو تو پرائمری کوائل میں بہنے والا کرنٹ معلوم کریں۔ جب کہ اے سی سورس کا وولٹیج 240V ہے۔

.6 (الف) ٹرانسفارمر سے کیا مراد ہے؟ یہ کس اصول کے تحت کام کرتا ہے؟

(ب) ایک سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر میں چکروں کی نسبت 1:100 ہے۔ پرائمری وولٹیج (V_p) 170V ہے۔ اگر پرائمری کوائل میں کرنٹ 1.0mA ہو تو سیکنڈری کوائل میں کرنٹ معلوم کریں۔

.7 (الف) سرکٹ میں انڈیوسڈ کرنٹ کی سمت بیان کریں۔ نیز یہ مظہر کس طرح انرجی کے کنزرویشن کے قانون کے اصول کے مطابق ہے؟

(ب) ایک سٹیپ اپ ٹرانسفارمر میں چکروں کی نسبت 1:100 ہے۔ اگر پرائمری کوائل کو 20V کے اے سی سورس کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو سیکنڈری وولٹیج (V_s) معلوم کریں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

چیپٹر وائز سیلف ٹیسٹ 7 بنیادی الیکٹرونکس (کُل سلیبس)

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D
2	A	B	C	D
3	A	B	C	D
4	A	B	C	D
5	A	B	C	D
6	A	B	C	D
7	A	B	C	D
8	A	B	C	D
9	A	B	C	D
10	A	B	C	D
11	A	B	C	D
12	A	B	C	D

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. اگر X = A.B تو X کی قیمت ایک ہوگی جب:

(A) A=0 and B=0 (B) A=1 and B=1 (C) A=0 and B=1 (D) A=1 and B=0

2. X = A.B تو X لیول 1 پر ہوگی اگر:

(A) A = 0 , B = 0 (B) A = 1 , B = 1 (C) A = 1 , B = 0 (D) A = 0 , B = 1

3. اینڈ آپریشن کی بولین علامت:

(A) $X = A - B$ (B) $X = A + B$ (C) $X = \bar{A}$ (D) $X = A.B$

4. ناٹ گیٹ میں ان پٹ ٹرمینلز کی تعداد ہوتی ہے:

(A) 3 (B) 1 (C) 4 (D) 2

5. اگر X = A+B تو X = 0 جبکہ

(A) A = 1,B = 0 (B) A = 0,B = 1 (C) A = 0,B = 0 (D) A = 1,B = 1

